ABC CERTIFEID | وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | پیر 17 اگست 2026ء 3 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 342

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

حکومتی یقین دہانی: گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال 40 دن کیلئے موخر

حکومت اور ٹرانسپورٹرز نے ایک دوسرے کو سنا، دونوں متفق ہیں کہ ملک کے لیے ہر قربانی کو تیار ہیں، گورنر سندھ نہال ہاشمی

15 دن کا وقت لیا گیا ہے، ملک شہزاد: ٹرانسپورٹرز کے کچھ مطالبات کے لیے رسمی کارروائیاں ہیں وہ پوری کریں گے، علیم خان کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (سٹاف رپورٹر) گورنر ہاؤس سندھ میں حکومتی نمائندوں اور ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات کے بعد گڈز ٹرانسپورٹرز نے 9 دن سے جاری ہڑتال 40 روز تک موخر کرنے کا اعلان کر دیا۔ گڈز ٹرانسپورٹرز کے رہنما ملک شہزاد نے کہا ہے کہ انہیں امید ہے کہ یقین دہانیوں اور وعدوں پر عمل کیا جائے گا، ہم ہڑتال ختم نہیں کر رہے بلکہ موخر کر رہے ہیں۔ کراچی میں ٹرانسپورٹرز اور حکومتی نمائندوں کے درمیان مذاکرات کے بعد پریس کانفرنس میں گورنر سندھ نہال ہاشمی، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز ملک شہزاد بھی موجود تھے۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی کا کہنا تھا کہ خطے کی صورتحال غیر معمولی ہے، ایسے میں مکہ معاہدہ ہوا، معاشی اثرات صرف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

شہباز اور مریم کی گورننس ناکام، حکمرانوں نے پورا نظام تہس نہس کر دیا: حافظ نعیم

پٹرولیم لیوی زبردستی کا بھتہ اور جگا ٹیکس ہے مطالبات کی منظوری تک پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنا جاری رہے گا

حکومتی بریفنگ سننے اسلام آباد نہیں جائیں گے، جس نے بات کرنی ہے دھرنے میں آئے، دھرنے کے شرکاء سے خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی زبردستی کا بھتہ اور جگا ٹیکس ہے، حکومت پٹرول کی قیمت کے ساتھ ٹیکس بھی بڑھا دیتی ہے، عوام کا خون نچوڑنے کی بجائے حکمران اپنی عیاشیاں ختم کریں۔ پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن دھرنا کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان: سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 7 دہشتگرد جہنم واصل

لجے میں دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا گیا، ہلاک دہشتگردوں سے جدید اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان بھی برآمد ہوا

ہلاک دہشتگرد بھتہ خوری، اغوا، ٹارگٹ کلنگ، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے، سیکورٹی ذرائع

خاران (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے علاقے خاران میں سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 7 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق خاران کے علاقے لجے میں دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا گیا، کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک ہو گئے جبکہ متعدد زخمی بھی ہوئے۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ دہشتگردوں کے ٹھکانوں سے جدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

وزیر دفاع خواجہ آصف اور صوبائی وزیر محمد منشا بٹ سیالکوٹ میڈیکل سٹی کے سنگ بنیاد کے بعد دعا کر رہے ہیں

قومی اسمبلی و سینیٹ کے اہم اجلاس آج، 17 قوانین منظوری کیلئے پیش ہونگے، نئے صوبوں کے قیام پر بحث بھی ہوگی

اینٹی ریپ تحقیقات و مقدمہ ترمیمی بل 2026ء، درآمدات و برآمدات کنٹرول ترمیمی بل 2026ء کی منظوری بھی لی جائے گی

اوگرا ترمیمی بل 2026ء، وفاقی حکومت رئیل اسٹیٹ مینجمنٹ اتھارٹی کے قیام کے قوانین کی منظوری لی جائے گی، اجلاس کا 42 نکاتی ایجنڈا جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اہم اجلاس کل ہوں گے، دونوں ایوانوں کے اجلاسوں میں اہم قانون سازی سمیت مکہ امن معاہدے پر متفقہ قرارداد پیش ہوگی جبکہ نئے صوبوں کے قیام پر تفصیلی بحث ہوگی، 17 قوانین منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے۔ نجی ٹی وی چینل کے مطابق طویل وقفے کے بعد قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اہم اجلاس طلب کر لیے گئے۔ سینیٹ اجلاس کا 69 نکاتی ایجنڈا جاری ہو گیا جس کے مطابق 10 قوانین سینیٹ میں منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے۔ کراچی میں شہری کو قتل کر کے لاش جلانے والے میاں بیوی لیہ سے گرفتار سینیٹ سیکریٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ ایجنڈے کے مطابق الیکشن ایکٹ میں ترمیمی بل کی منظوری ایجنڈے میں شامل ہے جبکہ اینٹی ریپ تحقیقات و مقدمہ ترمیمی بل 2026ء، درآمدات و برآمدات کنٹرول ترمیمی بل 2026ء کی منظوری بھی لی جائے گی، ایجنڈے میں منظوری کے لیے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی ترمیمی بل، سول سرونٹس ترمیمی بل اور سروس ٹریبونلز ترمیمی بل سے متعلق قوانین کی منظوری کو بھی ایجنڈا کا حصہ بنایا گیا ہے جبکہ امیگریشن ایکٹ ترمیمی بل 2026، زنا کے جرم اور حدود کے نفاذ سے متعلق ترمیمی بل اور پاکستان پاسپورٹ ترمیمی بل، سی آر پی سی ترمیمی بل کی منظوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

معاہدہ مکہ میں مصر سمیت دیگر ممالک کا شامل ہونیکا امکان ہے: طیب اردوان

معاہدہ مزید اراکین کی شمولیت کے لیے کھلا ہے، اس معاہدے نے دنیا کو ایک اہم پیغام دیا ہے، ترک صدر

آبنائے ہرمز کی بندش کسی کے مفاد میں نہیں، یورپی یونین کی رکنیت ہماری ترجیح نہیں رہی، مغرب کو کرارا جواب

دوحا، انقرہ (نیوز ایجنسیاں) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ مصر سمیت دیگر ممالک کا مکہ دفاعی معاہدے میں شامل ہونے کا امکان موجود ہے آبنائے ہرمز کی بندش کسی کے مفاد میں نہیں، اسے دوبارہ کھولنا ترجیح ہے۔ قطری نشریاتی ادارے کو دیئے گئے انٹرویو میں ترک صدر رجب طیب اردوان نے خطے میں لڑائی روکنے کیلئے ثالثی کی کوششوں میں اہم کردار ادا کرنے پر قطر کو سراہا۔ صدر اردوان نے حال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

شعبہ بجلی کا گردشی قرضہ 61 ارب سے بڑھ کر 1675 ارب تک پہنچ گیا

مالی سال کے دوران بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کو واجب الادا رقم 77 ارب روپے کم ہو کر 784 ارب روپے رہ گئی

کے الیکٹرک کی جانب سے ادائیگی نہ کرنا بھی گردشی قرضے میں اضافے کی اہم وجوہات میں شامل رہا، رپورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان کے بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ مالی سال 26-2025 کے دوران 61 ارب روپے بڑھ کر جون 2026 کے اختتام پر 1675 ارب روپے تک پہنچ گیا، جو جون 2025 کے اختتام پر 1614 ارب روپے تھا۔ تازہ ترین گردشی قرضے کی رپورٹ کے مطابق مالی سال کے دوران بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کو واجب الادا رقم 77 ارب روپے کم ہو کر 784 ارب روپے رہ گئی، جو گزشتہ سال 861 ارب روپے تھی۔ اسی طرح بجلی پیدا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، وفاقی دارلحکومت میں آسمان پر کالے بادل چھائے ہوئے ہیں

14 اگست کو احتجاج کرنیوالے ہم میں سے نہیں: اختیار ولی

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اختیار ولی خان نے پاکستان تحریک انصاف کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست کو احتجاج کرنے والے ہم میں سے نہیں، یہ لوگ ملک کے نظریے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

امریکا اور اسرائیل کی مکمل شکست تک پیچھے نہیں ہٹیں گے: ایرانی افواج

مزاحمت کی میراث ایران کی نئی نسل میں منتقل ہو چکی، میجر جنرل علی عبداللہی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی مسلح افواج کے چیف آف جنرل سٹاف میجر جنرل علی عبداللہی نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کی مکمل شکست تک ایران پیچھے نہیں ہٹے گا۔ ایرانی مسلح افواج کے مطابق مزاحمت کی میراث ایران کی نئی نسل میں منتقل ہو چکی ہے، جو دنیا کی طاقتور فوج کے سامنے ڈٹ کر کھڑی رہی۔ ایرانی جنرل سٹاف کا کہنا ہے کہ دشمن کے ہتھیار ڈالنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

امریکی فوجی اڈوں کی حساس معلومات لیک ہونے کا انکشاف

لندن (آئی این پی) اسٹروا ایپ سے امریکی فوجی اڈوں کی حساس معلومات لیک ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ برطانوی ٹی وی اسکائی نیوز کی رپورٹ میں امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

سابق آرمی چیف قمر باجوہ کا UAE میں طبی معائنہ

طبیعت بہتر، کچھ ٹیسٹ کے نتائج باقی، واپسی کا فیصلہ ہدایات کے بعد کرینگے، فیملی ذرائع

دبئی (آئی این پی) سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ نے یو اے ای میں اپنا طبی معائنہ کرایا، دبئی میں ڈاکٹرز نے قمر جاوید باجوہ کا تفصیلی طبی معائنہ کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

فضائی دفاعی پیداوار کا 85 فیصد حصہ محفوظ رہا، ایران

فعال فضائی دفاعی نظام کا ذخیرہ بہتر پوزیشن میں ہے، عہدیدار پاسداران انقلاب

تہران (صباح نیوز) ایران کے پاسداران انقلاب کے ایک عہدیدار نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے ساتھ حالیہ جنگ کے دوران ایران کی فضائی دفاعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

لاہور، صوبائی وزیر بلال یاسین پھاٹا کے گورننگ باڈی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایم کیو ایم کا نئے صوبوں کیلئے قومی ڈائیلاگ شروع کرنیکا اعلان

صوبہ نہ بنانے کے جو اثرات آئے ہیں اس پر بھی بات کرنی چاہیے، صوبہ بنانا غداری تھا تو آئین میں ذکر کیوں؟ خالد مقبول، مصطفیٰ کمال

ہمیں وہ نظام چاہیے جہاں حقوق پورے، مسائل حل ہوں، بہتر حکمرانی اور مضبوط انتظامی یونٹس ہی ملکی ترقی کی بنیاد ہیں، فاروق ستار

کراچی (آئی این پی) ایم کیو ایم پاکستان نے ملک میں آبادی کے لحاظ سے نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ دوہراتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ میں نئے صوبے بنانے کا مقدمہ سب سے زیادہ مضبوط ہے، نئے صوبوں کے حوالے سے بڑے قومی ڈائیلاگ کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار کراچی میں ایم کیو ایم رہنماؤں کی مشترکہ پریس کانفرنس میں کیا گیا۔ پارٹی چیئرمین خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا پاکستان کے موجودہ صوبے قانونی تقاضوں پر نہیں بنائے گئے تھے، آج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

بنوں، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

فائرنگ کا واقعہ تھانہ بسیہ خیل کی حدود مرزا بیگ سورانی میں پیش آیا

بنوں (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے پولیس اہلکار کو شہید کر دیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ تھانہ بسیہ خیل کی حدود مرزا بیگ سورانی میں پیش آیا۔ پولیس اہلکار سیف اللہ چوکی ٹاؤن شپ میں تعینات تھے اور صبح ڈیوٹی کیلئے اپنے گھر سے جا رہے تھے کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے انہیں فائرنگ کا نشانہ بنایا۔ میت ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال بنوں منتقل کر دی گئی، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

انڈونیشیا، زلزلے سے اموات کی تعداد 51 ہوگئی

جکارتہ (آئی این پی) انڈونیشیا میں آنیوالے ہولناک زلزلے نے بڑے پیمانے پر تباہی مچا دی، جس کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد 51 ہوگئی جبکہ متعدد افراد زخمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی، فتنہ الخوارج کا دہشتگرد گرفتار، اسلحہ، بارود برآمد

جیکب لائن، جمشید ٹاؤن میں رینجرز سندھ اور سی ٹی ڈی نے مشترکہ کارروائی کی

کراچی (آئی این پی) کراچی میں پاکستان رینجرز سندھ اور محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے خفیہ اطلاع پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے جیکب لائن، جمشید ٹاؤن سے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے ایک مبینہ دہشتگرد کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پاکستان رینجرز سندھ کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت شہزاد عرف ڈنگر کے نام سے ہوئی ہے، جس کا تعلق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

صدر مملکت نے کرنل شاہدہ جاوید کو تمغہ امتیاز دینے کی منظوری دیدی

آرمی اور ایئر فورس کے مختلف ہسپتالوں میں اہم عہدوں پر فرائض انجام دیئے

عزیز و اقارب کا خوشی و مسرت کا اظہار، خدمات کو خراج تحسین، مبارکباد پیش کی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت پاکستان کی طرف سے مسلح افواج اور سول آرمڈ فورسز کے افسران کو ملنے والے اعزازات میں خاتون آفیسر کرنل شاہدہ جاوید کا نام بھی شامل ہے جنہیں تمغہ امتیاز سے نوازا گیا ان کے نام کی منظوری جی ایچ کیو کی سمری پر صدر پاکستان آصف علی زرداری نے دی کرنل شاہدہ جاوید آئی سی ایم ایچ، پی اے ایف، ملٹری ہسپتال، راولپنڈی سمیت آرمی اور ایئر فورس کے مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

مقتدرہ نے صوبوں کے معاملہ پر گفتگو نہیں کی، رانا ثنااللہ

صرف بات کرنے سے یا پوڈ کاسٹ کرنے سے تو صوبے نہیں بن سکتے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مقتدرہ نے ابھی تک حکومت سے صوبوں کے معاملے پر کوئی گفتگو نہیں کی، نہ ہی یہ معاملہ ابھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

بہاولپور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر رکن قومی اسمبلی اقبال چنڑ کی وفات پر انکے اہلخانہ سے تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کراچی، وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال، کنوینر ایم کیو ایم خالد مقبول صدیقی، فاروق ستار و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سپین میں داخل ہونے کی کوشش ناکام، 100 تارکین وطن زیر حراست

میڈرڈ (صباح نیوز) مراکش کے راستے اسپین کے خودمختار علاقے سیوتا میں داخل ہونے کی نئی کوشش کو سیکیورٹی فورسز نے ناکام بنا دیا، جبکہ 100 سے زائد تارکین وطن کو حراست میں لے لیا گیا۔

جہلم، وزیر مملکت بلال کیانی کی کھلی کچہری، احکامات صادر

بڑی تعداد میں آئے ہوئے شہریوں کی شکایات کو تفصیل سے سنا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وزیر مملکت ریلوے اور خزانہ بلال اظہر کیانی نے اتوار کے روز ضلع کونسل ہال جہلم میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں انہوں نے عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

قطر نے ایرانی پائلٹس کو حراست میں لینے کے دعوؤں کی تردید کر دی

دوحہ (صباح نیوز) قطر نے ایرانی پائلٹس کو حراست میں لینے کے دعوؤں کی تردید کر دی۔

بدین، پسند کی شادی کا تنازع شدت اختیار کر گیا

گولاڑچی کے چک نمبر 5 میں ماچھی برادری کے 600 افراد نقل مکانی پر مجبور

بدین (مانیٹرنگ ڈیسک) بدین کے علاقے گولاڑچی کے چک نمبر 5 میں پسند کی شادی کا تنازع شدت اختیار کر گیا، جہاں مبینہ طور پر مسلح افراد نے ماچھی برادری کے 60 سے زائد گھروں کو مسمار کر کے پورا گاؤں خالی کرا دیا۔ متاثرین کے مطابق مسلح افراد گھروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

چنیوٹ، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ شہریوں میں فری پٹرول سلپس تقسیم کر رہے ہیں

افغانستان، 2 کروڑ 90 لاکھ افراد بنیادی ضروریات سے محروم

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی جریدے دی ٹیلی گراف نے افغانستان کی زمینی حقیقت اور طالبان رجیم کے طرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

یمن کی الحدیدہ بندرگاہ پر حوثی حملے، 7 افراد جاں بحق

تجارت معطل، نقصانات کا تخمینہ ایک کروڑ 60 لاکھ ڈالر لگایا گیا، ڈائریکٹر بندرگاہ

صنعا (صباح نیوز) یمن کی المخا بندرگاہ پر حوثیوں کے میزائل حملوں کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق ہو گئے، تجارتی سرگرمیاں معطل ہو گئیں۔ ڈائریکٹر بندرگاہ نے بتایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

امریکی صدر آبنائے ہرمز بند کرنے کی دھمکیاں دینا بند کریں، ابراہیم عزیزی

تہران (صباح نیوز) ایرانی رکن پارلیمنٹ ابراہیم عزیزی نے کہا ہے کہ امریکی صدر آبنائے ہرمز بند کرنے کی دھمکیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سعودی عرب میں نئے حج سیزن کی پیشگی تیاریاں

مکہ اور مدینہ میں زائرین کی رہائش، لائسنسنگ اور درجہ بندی کے نئے قواعد منظور

ریاض (صباح نیوز): سعودی عرب کی وزارتِ سیاحت نے سال 2027 کے حج سیزن کی پیشگی تیاریوں کے تحت مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں عازمینِ حج کو رہائشی سہولیات فراہم کرنے والے اداروں، ان کی درجہ بندی (کلاسیفکیشن)، لائسنسنگ اور خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس E/35 چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

اہلِ سیاست کا مل بیٹھنا وقت کی اہم ضرورت!

صدرِ مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف نے ایوانِ صدر میں ملاقات کی اور انہیں مکہ مکرمہ میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے مابین طے پانے والے تاریخی معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ صدرِ مملکت نے دفاعی تعاون، علاقائی اَمن اور استحکام کے علاوہ اُمتِ مسلمہ کی سلامتی کے فروغ کے حوالے سے سہ فریقی معاہدے پر عملدرآمد کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اِس موقع پر نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کے علاوہ سینیٹر شیری رحمان بھی موجود تھیں۔ صدر نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط تزویراتی شراکت داری میں ڈھالنے کے لئے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی کاوشوں کو سراہا۔ اُنہوں نے اِس دوران فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں میں پاکستان کی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا۔ صدرِ مملکت نے موجودہ علاقائی صورتحال کے پیشِ نظر عوام کو درپیش معاشی مشکلات میں ریلیف فراہم کرنے، اشیائے ضروریہ کی بلاتعطل فراہمی اور اُنہیں مناسب نرخوں پر دستیاب بنانے کے لئے مؤثر اقدامات پر بھی زور دیا۔ اُنہوں نے اُمید ظاہر کی کہ علاقائی اور عالمی اَمن کے فروغ کے لئے پاکستان کی مؤثر سفارتی کاوشوں سے ملک کے عالمی مقام کو مزید تقویت ملے گی اور اِس کے مثبت اثرات ملکی معیشت اور عوام کی زندگیوں پر مرتب ہوں گے۔

صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی ایوانِ صدر میں ملاقات موجودہ سیاسی، علاقائی اور معاشی حالات کے تناظر میں خاص اہمیت رکھتی ہے۔ وزیراعظم نے صدرِ مملکت کو مکہ مکرمہ میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے مابین طے پانے والے سہ فریقی امن معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کیا، جبکہ صدر نے دفاعی تعاون، علاقائی اَمن و استحکام اور اُمتِ مسلمہ کی سلامتی کے حوالے سے اِس پیش رفت کو خوش آئند قرار دیا۔ بلاشبہ ایسے اقدامات پاکستان کے سفارتی کردار کو وسعت دینے اور دوست ممالک کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط تزویراتی شراکت داری میں بدلنے میں معاون ثابت ہوں گے۔ یہ امر بھی قابلِ توجہ ہے کہ صدرِ مملکت نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی کوششوں کو سراہتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کی بھی تعریف کی۔ پاکستان ایک عرصے سے سرحد پار سے منظم کی جانے والی دہشت گردی کا سامنا کر رہا ہے۔ اَمن صرف سرحدوں کے دفاع سے نہیں بلکہ داخلی استحکام، مضبوط معیشت اور عوام کے اعتماد سے بھی وابستہ ہوتا ہے۔ گزشتہ روز ہی بلوچستان کے وزیر داخلہ کا قافلہ بزدلانہ حملے کا نشانہ بنا جس میں وہ تو بال بال بچ گئے لیکن چھ سے زائد سکیورٹی اہلکار زخمی ہوئے۔ مقامی میڈیا کے مطابق یہ کارروائی 'فتنہ الہندوستان' اور 'فتنہ الخوارج' کی مذموم ملی بھگت کا نتیجہ تھی تاکہ وہ آزادی کے مبارک موقع پر قوم کی خوشیوں کے رنگ میں بھنگ ڈال سکیں اور یکسو قوم میں انتشار پیدا کریں تاہم بروقت اور موثر جوابی کارروائی نے دشمنوں کا ناپاک خواب چکنا چور کر دیا۔

ملاقات میں صدرِ مملکت نے عوام کو درپیش معاشی مشکلات، اشیائے ضروریہ کی مسلسل فراہمی اور مناسب نرخوں پر دستیابی کی ضرورت پر زور دیا۔ یہ بات درست ہے کہ سفارتی کامیابیاں اور علاقائی سطح پر اہم پیش رفت اپنی جگہ، لیکن ان کا حقیقی فائدہ اُسی وقت محسوس ہوگا جب اثرات عام شہری کی زندگی تک پہنچیں۔ مہنگائی، بے روزگاری اور روزمرہ اخراجات میں اضافہ آج بھی عوام کے بنیادی مسائل ہیں؛ لہٰذا حکومت کے لئے ضروری ہے کہ خارجہ محاذ پر حاصل ہونے والی کامیابیوں کو معاشی استحکام میں تبدیل کرنے کے لئے کوشاں ہو۔ پاکستان کی سفارتی سرگرمیوں سے علاقائی اَمن کو تقویت مل رہی ہے اور دوست ممالک کے ساتھ تعاون کے نئے دروازے کھل رہے ہیں تو یہ یقیناً ایک مثبت پیش رفت ہے۔ تاہم اصل امتحان یہ ہے کہ سیاسی استحکام، سفارتی کامیابی اور سکیورٹی میں بہتری کے ثمرات عوام تک کب اور کس طرح پہنچتے ہیں۔ قومی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عملی اقدامات کرتے ہوئے معیشت کو مستحکم کرے، عوام کو ریلیف دے اور پاکستان کو ایک پُراَمن، مستحکم اور باوقار ریاست بنانے کے لئے آگے بڑھے۔ موجودہ سیاسی حالات میں صدرِ مملکت اور وزیراعظم کی یہ بیٹھک حکومتی اتحاد کے تسلسل اور داخلی سیاسی رابطوں کے استحکام کے حق میں بھی ایک اہم اشارہ ہے۔ سیاسی اختلافات جمہوری نظام کا حصہ ہوتے ہیں، مگر قومی سلامتی، معیشت، دہشت گردی اور خارجہ پالیسی جیسے معاملات پر قیادت کا باہمی رابطہ لازم ہے۔ ایسے وقت میں جب پاکستان کو داخلی اور خارجی سطح پر متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، اہلِ سیاست کا مل بیٹھنا اور قومی مفاد کے معاملات پر مشترکہ سوچ اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس جذبے کو مزید وسعت دیا جانا چاہئے۔ سیاست میں مذاکرات اور افہام و تفہیم کا دروازہ ہمیشہ کے لئے بند نہیں ہوتا اور نہ ہی اختلافات ہمیشہ رہتے ہیں۔ مفاہمت، مکالمے اور باہمی احترام کی اہمیت ہر حال میں باقی رہتی ہے اور رہنی بھی چاہئے۔ قومی مفاد کا تقاضا یہی ہے کہ سیاسی عناصر اختلافِ رائے کو تصادم میں بدلنے کے بجائے اسے بات چیت کے ذریعے سلجھائیں اور آگے بڑھنے کے راستے کھلے رکھے۔ آج پاکستان کو سیاسی استحکام، معاشی بحالی اور اجتماعی اعتماد کی شدید ضرورت ہے، ایسے میں فاصلے کم کرنے اور آگے بڑھنے کا اہتمام کرنا چاہئے۔

موج ہے دریا میں!

جلسۂ عام
مجیب الرحمٰن شامی

پاکستان ماشاء اللہ 79 برس کا ہو گیا۔ اس کی سالگرہ بڑے جوش و خروش سے منائی گئی۔ پورا ملک بقعۂ نور بنا رہا، اسلام آباد میں ایک بڑا اجتماع منعقد ہوا، گذشتہ سال برپا ہونے والے معرکہ حق کی "یادگارِ فتح" کی نقاب کشائی ہوئی، جسے چند ماہ میں تعمیر کر کے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا گیا ہے۔ یہ عظیم الشان عمارت ہمیں یاد دلاتی رہے گی کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے کس طرح چند روز میں اپنے سے کئی گنا بڑے حملہ آور کا منہ توڑ کر دکھایا تھا۔ صدرِ پاکستان جناب آصف علی زرداری اور وزیراعظم جناب شہباز شریف نے زور دار تقریریں کیں۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ مل کر پرچم کشائی کی اور پاکستان کی حفاظت کے لئے کمربستہ رہنے کا عزم دوہرایا۔ اِس سال 14 اگست کو نئی شان و شوکت اِس لئے بھی عطا ہو گئی کہ چند ہی روز پہلے سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ پاکستان کے ایک تاریخی دفاعی معاہدے پر دستخط ہوئے تھے، تینوں ملکوں نے "یک جائی" کا اعلان کرتے ہوئے دنیا بھر کو بتا دیا تھا کہ کسی ایک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور ہو گا۔ کسی ایک ملک کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا گیا تو تینوں ملک ایک ہو کر دیکھنے والے کی آنکھ سے میل نکال دیں گے۔ برصغیر کے مسلمانوں نے اپنے لئے ایک الگ وطن کی تحریک چلائی تو اِس کا ایک ہدف "اتحاد عالم اسلام" بھی تھا۔ عہد کیا گیا تھا کہ اپنی زمین حاصل کرنے کے بعد پورے عالمِ اسلام کے اتحاد کے لئے کوشش ہو گی۔ "نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کاشغر" ایک ہونے کا جو خواب شاعرِ مشرق نے دیکھا تھا، اس کی تعبیر حاصل کی جائے گی۔ پاکستان اپنے قیام کے اول روز ہی سے مسلم اُمہ کو یک جا کرنے کی آرزو میں سرگرداں رہا ہے اور اِس کے لئے اس نے مسلسل کوششیں جاری رکھی ہیں۔ 1974ء میں لاہور میں اسلامی سربراہی کانفرنس کا انعقاد اِس حوالے سے ایک انتہائی پیش رفت کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے۔ "او آئی سی" (آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن) اگرچہ ایک ڈھیلی ڈھالی تنظیم ہے لیکن مسلمانانِ عالم کی یک جائی کا تصور زندہ رکھے ہوئے ہے۔ "مکہ دفاعی معاہدہ" میں اگر دوسرے مسلمان ملک بھی شریک ہوتے گئے تو اس سے دنیا کے نقشے پر ایک موثر بلاک اُبھر آئے گا۔ گذشتہ چند عشروں میں مسلمان ملکوں کو جس طرح تاراج کیا گیا، وہ تاریخ کا انتہائی شرمناک باب ہے۔ افغانستان پر سوویت یلغار کے بعد عراق، لیبیا اور شام کی جو درگت بنائی گئی، اس کی تفصیل رونگٹے کھڑے کر دینے والی ہے۔ امریکہ بہادر نے انہیں جی بھر کر لوٹا، ان کی فوجی صلاحیت کو نشانہ بنانے کے ساتھ ساتھ ان کی معیشتوں کو بھی جیب میں ڈال لیا۔

یہ درست ہے کہ ہر مسلمان ملک کا اپنا نظام، اپنی خارجہ پالیسی اور اپنے مسائل ہیں، پہلی جنگ عظیم کے خاتمے کے بعد سلطنتِ عثمانیہ کی جو بندر بانٹ کی گئی، اس کے اثرات گہرے اور دیرپا ہیں۔ انہیں ابھی تک مندمل نہیں کیا جا سکا، تقسیم ہونے والوں کو پرانی صورت میں بحال کرنا کسی کے بس میں نہیں رہا کہ ہر ملک اپنی شناخت کی محبت میں مبتلا ہو چکا ہے۔ اِسی لئے علامہ اقبالؒ نے مسلمان ملکوں کی "اقوامِ متحدہ" کا تصور پیش کیا تھا۔ آزاد اور خود مختار رہتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون، ایک دوسرے کا دفاع اور ایک دوسرے کا ساتھ۔

"مکہ دفاعی معاہدہ" اس سمت ایک بڑا اقدام ہے، اس پر تینوں ملکوں میں اظہارِ مسرت دیدنی ہے۔ پاکستان ایٹمی طاقت ہے، اس کی افواج کی صلاحیت اور مہارت کا لوہا سب مانتے ہیں۔ ترکیہ کی اپنی توانائی ہے، سعودیہ کی اپنی شان ہے۔ یہ تینوں ایک دوسرے کی طاقت بن کر نئی تاریخ رقم کر سکتے ہیں اور کر رہے ہیں۔ پاکستان کے لوگ جہاں اس کامیابی پر سرشار ہیں، وہاں اس کے اندر برپا شورشیں بھی اپنی طرف متوجہ کر رہی ہیں۔ یہ بات بھلائی نہیں جا سکتی کہ پاکستان اپنے اس جغرافیے کی حفاظت نہیں کر سکا، جو تحریک پاکستان نے اسے عطاء کیا تھا۔ 1971ء میں بنگلہ دیش کا قیام ہماری اجتماعی زندگی پر ایک بڑے سوالیہ نشان کے طور پر آج بھی موجود ہے۔ یہ درست ہے کہ بنگلہ دیش سے ہمارے رشتے ناتے بحال ہو رہے ہیں، سانجھے مستقبل کی تعمیر کے لئے سرگرمیاں جاری ہیں، لیکن جو کچھ ایک دوسرے کے ساتھ کیا جا چکا ہے، وہ ڈراؤنے خواب کی طرح لرزا دیتا ہے۔ اس سانحے کا یہ سبق ہر لمحہ یاد رکھنا چاہئے کہ داخلی استحکام کے تقاضے نظرانداز کرنا اپنے آپ کو موت کے منہ میں دھکیلنا ہے۔ آج پاکستان میں جو کچھ ہو رہا ہے، وہ ہمارے پاؤں کی زنجیر بن سکتا ہے۔ دہشت گرد دندناتے پھر رہے ہیں، سیاسی قوتیں ایک دوسرے سے اُلجھی ہوئی ہیں۔ آئین کی کتاب جزدان میں لپیٹ کر طاق نسیاں پر دھری دکھائی دیتی ہے۔ اپوزیشن اور حکومت کے درمیان تعلقات کار قائم نہیں ہو پا رہے۔ سب سے بڑی اپوزیشن جماعت کے سینکڑوں افراد جیلوں میں ہیں۔ اس کی ذمہ داری ان پر ہو، یا وہ اپنے آپ کو بری الذمہ قرار دیتے ہوں، اِس بحث میں اُلجھے بغیر یہ ماننا پڑے گا کہ زنداں آباد ہیں۔ عمران خان اور ان کی اہلیہ الگ الگ کوٹھڑیوں میں بند ہیں۔ سمندر پار پاکستانیوں نے اُودھم مچا رکھا ہے، اپنے ادارے اپنے ہی لوگوں کے نشانے پر ہیں۔ اور تو اور، آزاد کشمیر میں بھی حالات معمول پر نہیں ہیں۔ جو کچھ ہم بھگت رہے ہیں، اس کی ذمہ داری کسی ایک شخص، جماعت یا ادارے پر نہیں ڈالی جا سکتی، لیکن کسی ایک کو بری الذمہ بھی نہیں قرار دیا جا سکتا، جس کسی نے جو بھی کیا ہو، نتیجہ یہ ہے کہ "خانہ جنگی" برپا ہے۔ اس پر پانی ڈالنا سب پر لازم ہے۔ ایک دوسرے پر انگلی اٹھاتے چلے جانے سے کام نہیں چلے گا۔ ہر شخص اور ہر ادارے کو اپنے اپنے گریبان میں جھانکنا ہو گا۔ اپنا اپنا احتساب کرنا ہو گا، جو جیلوں میں بند ہیں، وہ بھی اور جو باہر دندنا رہے ہیں وہ بھی اپنی اپنی غلطیوں کا ازالہ کرنے کے بارے میں سوچیں تو روٹھی ہوئی بہار لوٹ سکتی ہے۔ اپنی غلطیوں، کوتاہیوں، بلکہ حماقتوں پر آنکھیں بند کر لینا سازشوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے مترادف ہے۔

گڑھے کھودنے میں مصروف ہو جانے والی قومیں رفعتوں کا سفر جاری نہیں رکھ سکتیں۔ ایک دوسرے کے لئے گڑھے کھودنے والے بالآخر خود اِن میں گر جاتے ہیں انہیں آبِ حیات نصیب نہیں ہوتا۔ ایک دوسرے کو جینے کا حق دے کر ہی سب زندہ رہ سکتے اور آگے بڑھ سکتے ہیں۔ پاکستان کو تاقیامت سلامت رہنا ہے اور یقیناً رہنا ہے تو افراد کے بجائے قوم کے مفاد اور قوم کے مستقبل کو سامنے رکھنا ہو گا۔ جناب وزیراعظم نے اقبال کا جو شعر قوم کو سنایا تھا، اسے خود بھی سن لیں بلکہ سنتے رہیں۔

فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرونِ دریا کچھ نہیں



بقیہ نمبر 1

جس میں طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی اجلاس کے مہمان خصوصی محترم عبداللہ گل چئیرمین تحریک جوانان پاکستان و کشمیر تھے قومی صدر ہمدرد نونہال اسمبلی محترمہ سعدیہ راشد نے اپنے تجویز کردہ موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی قوم کی اصل طاقت اس کے وسائل نہیں بلکہ اس کے باشعور، باکردار اور ذمہ دار شہری ہوتے ہیں جو حب الوطنی اور خدمت کے جذبے سے سرشار ہوتے ہیں اس موقع پر طلبہ و طالبات نے تقاریر، ملی نغمے، ٹیبلو، خاکے اور دعائے سعید پیش کی مہمان خصوصی عبداللہ گل نے بچوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ملک بہت بڑی قربانیوں کے بعد معرض وجود میں آیا اس کی قدر ہم سب پر لازم ہے ہمیں کردار سازی پر توجہ دینے کی ضرورت ہے بعد ازاں یوم آزادی پاکستان کا کیک کاٹا گیا اجلاس کے اختتام پر بچوں میں انعامات تقسیم کیے گئے مہمان خصوصی عبداللہ گل صاحب کو زونل ہیڈ ہمدرد فاؤنڈیشن امان اللہ نیازی نے ہمدرد کی اعزازی شیلڈ ”عافیت سے جیتے رہو“ پیش کی

بقیہ نمبر 2

از کم اجرت کے نرخوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے مہنگائی، روزمرہ زندگی کے بڑھتے ہوئے اخراجات، بنیادی ضروریات اور مجموعی معاشی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے مزدوروں کی اجرت میں مناسب اضافے کی ضرورت پر تفصیلی غور کیا۔ غور و خوض کے بعد کم از کم اجرت بورڈ نے تمام متعلقہ کیٹیگریز کے کارکنوں کی موجودہ اجرتوں میں 10 فیصد اضافے کی متفقہ طور پر منظوری دی۔ بورڈ نے اس امر پر زور دیا کہ موجودہ مہنگائی اور بڑھتے ہوئے اخراجات کے پیش نظر مزدور طبقے کو معاشی ریلیف فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اجلاس میں آجرین، صنعتی و تجارتی اداروں کی مالی استعداد اور کاروباری سرگرمیوں پر نظر ثانی شدہ اجرتوں کے ممکنہ اثرات کو بھی مدنظر رکھا گیا، تاکہ مزدوروں کے حقوق اور کاروباری اداروں کی استعداد کے درمیان متوازن پالیسی تشکیل دی جا سکے۔ بورڈ نے مزدوروں اور آجرین کے نمائندگان سے مشاورت، اجرتوں کے مؤثر نفاذ اور متعلقہ اداروں کی جانب سے اس پر عملدرآمد یقینی بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ اجلاس کے اختتام پر 10 فیصد اضافے سے متعلق سفارشات کو حتمی شکل دے کر مجاز اتھارٹی کو مزید ضروری کارروائی کے لیے پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ اسلام آباد اور کم از کم اجرت بورڈ اسلام آباد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مزدوروں کے معاشی تحفظ، موجودہ مہنگائی اور زندگی کے بڑھتے ہوئے اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے اجرتوں کے تعین کا عمل شفاف، متوازن اور زمینی حقائق کے مطابق جاری رکھا جائے گا

بقیہ نمبر 3

عرصے کے دوران امریکا پاکستانی مصنوعات کی سب سے بڑی برآمدی منڈی اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے اہم ترین ذرائع میں شامل رہا ہے۔ نیٹلی بیکر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ امریکا پاکستان کے نجی شعبے، اختراع کاروں، یونیورسٹیوں اور حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے، تجارت و سرمایہ کاری کو وسعت دینے اور ایسی شراکت داریاں قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے جو صدر ٹرمپ کی انتظامیہ کی رہنمائی میں دونوں ممالک کے لیے پائیدار خوشحالی کے نتائج فراہم کر سکیں۔ امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور پنجاب کے مصنوعی ذہانت و خصوصی اقدامات کے مشیر علی ڈار سے ملاقاتیں بھی کیں۔ ملاقاتوں میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، اعلیٰ تعلیم اور جدت طرازی کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس دوران سرمایہ کاری، کاروباری اقدامات اور تکنیکی جدت طرازی کی حوصلہ افزائی کرنے والی پالیسیوں اور شراکت داریوں کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ کاروباری رہنماؤں، ٹیکنالوجی ماہرین اور سرکاری عہدیداروں کے ساتھ امریکی ناظم الامور کی ملاقاتوں سے یہ امر بھی سامنے آیا کہ امریکا اور پاکستان کس طرح تجارتی تعلقات کو وسعت دینے کے ساتھ ساتھ تیز رفتار ترقی کرنے والے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔ لاہور میں پی ایف چینگ کے نئے ریستوران کے افتتاح کے موقع پر نیٹلی بیکر نے پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی شراکت داری کے فوائد کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 2025 میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم 8 ارب ڈالر سے تجاوز کر گیا۔ امریکی ناظم الامور نے نیٹ سول ٹیکنالوجیز، کوڈ نجا اور گیم ڈسٹرکٹ کے دورے کے دوران پاکستان کے تیزی سے وسعت پاتے ٹیکنالوجی سیکٹر کا بھی مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، ڈیجیٹل سروسز اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے کے امکانات پر بات چیت کی گئی۔ نیٹلی بیکر نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی میں طلبہ سے بھی ملاقات کی، جہاں انہوں نے این آئی ٹی اور ایریزونا اسٹیٹ یونیورسٹی کے درمیان شراکت داری کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ شراکت داری اس امر کی ایک مثال ہے کہ امریکی تعلیمی مہارت اور تجربہ کس طرح طلبہ کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے معاشی تعلقات کو بھی مضبوط بنا سکتا ہے۔ اپنے دورہ لاہور کے اختتام پر نیٹلی بیکر نے روزنامہ بزنس ریکارڈر کے ایک گول میز اجلاس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مصنوعی ذہانت کے شعبے میں امریکا کی قائدانہ حیثیت اور جدت طرازی کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ قابل بھروسہ شراکت داریاں مصنوعی ذہانت اور نئی ٹیکنالوجیز سے حاصل ہونے والی جدت کو معاشی ترقی، روزگار کے نئے مواقع اور دونوں ممالک کی مشترکہ خوشحالی میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 4

مہمانوں و دیگر شرکاء نے مل کر قومی ترانہ پڑھا جبکہ مختلف سکولز کے بچے و بچیوں نے مختلف آئٹمز پیش کیے تقریب میں مانسہرہ کے شہری حضرات و خواتین کے علاوہ سیاسی سماجی ادبی و دینی شخصیات تاجروں ٹی ایم اے حکام و عملہ اور طلبہ و طالبات سمیت پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا نمائندوں صحافی برادری سوشل میڈیا اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے بھی شرکت کی جبکہ پروگرام کے دوران مختلف سکولز کے بچوں نے یوم آزادی کے حوالہ سے تقاریر کیں جبکہ ہزارہ کے مشہور سنگرز نے ملی نغمے پیش کیے جنہیں بے حد پسند کیا گیا جبکہ تقریب کے دوران نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچوں و بعض دیگر شخصیات کو بھی شیلڈ پیش کی گئیں تقریب کے اختتام پر صدر مانسہرہ پریس کلب شہزاد جہانگیری و دیگر ممبران نے معزز مہمانوں اور دیگر تمام شرکاء تقریب کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 5

کی صورت اختیار کر گئی۔ تقریب کی صدارت ممتاز ماہر تعلیم و دانشور پروفیسر ممتاز حیدر نے کی، جبکہ سابق سپیکر صوبائی اسمبلی اور موجودہ ایم پی اے مشتاق احمد غنی مہمان خصوصی تھے۔ مہمانان اعزاز میں مفتی عنایت الرحمٰن ہزاروی، عاصم نواز خان طاہر خیلی، ملک محمد عظیم ناشاد اعوان، ریاض ملک، مولانا محمد اعظم قادری، پروفیسر وحید اختر، ملک شاد محمد خان اور اختر خان تنولی سمیت دیگر علمی و ادبی شخصیات شامل تھیں۔ تقریب کے آرگنائزر محمد ثاقب شاد تنولی ایڈووکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں کتاب، قلم اور علم کی شمع روشن رکھنے والے اہل قلم تہذیبی ورثے کے امین اور آنے والی نسلوں کے فکری معمار ہوتے ہیں۔ انہوں نے ایوارڈ کے انعقاد کے اغراض و مقاصد پر بھی روشنی ڈالی۔ تقریب میں ہزارہ اور پنجاب سے تعلق رکھنے والے مصنفین، اہل قلم، دانشوروں اور ادب دوست شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء میں عبدالوحید بسمل، پروفیسر ملک ناصر داؤد ہمایوں راجہ، ظاہر ہاشمی، مختیار آسی تنولی، حافظ محمد عثمان جدون، سردار تنولی، ڈاکٹر منصف خان سحاب، نعیم اختر تنولی، مولانا احسان حیدر، حافظ محمد لقمان عزیز ہزاروی، قاضی ناصر بختیار خان، عائشہ خالد، انور زمان پرنسپل، کامران عزیز، نسیم حسن اعوان، کیپٹن دوست محمد اعوان، پروفیسر ملک سجاد وزیر، محمد عبداللہ اعوان اور ہزارہ بھر سے بڑی تعداد میں مصنفین و اہل قلم شامل تھے۔ مقررین نے ادب و تحقیق کے فروغ، اہل قلم کی حوصلہ افزائی اور نئی نسل کو علمی و ادبی سرگرمیوں سے وابستہ کرنے کے لیے بزم اہل قلم حویلیاں اور بزم مصنفین ہزارہ کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ کتاب اور قلم کسی بھی معاشرے کی فکری شناخت، تہذیبی شعور اور علمی تسلسل کے محافظ ہوتے ہیں، اس لیے اہل قلم کی پذیرائی دراصل علم و ادب کی قدر افزائی ہے۔ مہمان خصوصی مشتاق احمد غنی اور صدر تقریب پروفیسر ممتاز حیدر نے بھی دونوں ادبی تنظیموں کی علمی و ادبی خدمات کو سراہتے ہوئے مصنفین کی گراں قدر کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر مولانا محمد اعظم قادری نے خصوصی دعا کرائی، جس کے بعد شرکاء کی تقریب کے پر تکلف ظہرانے سے تواضع کی گئی۔ یوں یہ خوب صورت علمی و ادبی اجتماع خوش گوار یادوں کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ پروگرام کے اختتام پر ریفریشمنٹ کا عمدہ انتظام کیا گیا۔

بقیہ نمبر 6

کے طلبہ نے بہترین نتائج دے کر اپنی محنت، اساتذہ کی رہنمائی اور والدین کی دعاؤں کو کامیابی میں بدل دیا۔ نتائج کے مطابق شفا زمان نے 1200 میں سے 1150 نمبر حاصل کر کے 83.95 فیصد کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔ عجوہ شاہ جہاں نے 1123 نمبر دوسری جبکہ آمنہ نور نے 1131 نمبر کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ دیگر نمایاں طلبہ میں ہانیہ، ہادیہ، زوہا، عشام علی، مزمل، ایمن ندیم اور عبداللہ ضیافت شامل ہیں، جنہوں نے 90 فیصد یا اس سے زائد نمبر حاصل کر کے اے پلس گریڈ حاصل کیا۔ ادارے کا مجموعی طور پر رزلٹ 100 فیصد اور جی پی اے 5.5 رہا ادارے کی انتظامیہ نے شاندار کامیابی پر تمام طلبہ، ان کے والدین اور اساتذہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی طلبہ کی انتھک محنت، اساتذہ کی بہترین رہنمائی اور والدین کے تعاون کا نتیجہ ہے۔ ایف ایف ای ایس گوجرخان ون کی یہ شاندار کارکردگی ادارے کے اعلیٰ تعلیمی معیار اور طلبہ کی صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے۔ کامیاب طلبہ نے نہ صرف اپنے والدین بلکہ اپنے ادارے کا نام بھی روشن کیا ہے

بقیہ نمبر 7

فاؤنڈیشن پنجاب شمالی محترم محمد اسلم خان تھے، جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن پاکستان محترم عامر شہزاد، پراجیکٹ منیجر پنجاب شمالی عبدالمقیت اور صدر غزالی فورم ضلع راولپنڈی و امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی محترم راجہ محمد جواد نے بھی خصوصی شرکت کی۔ کنونشن میں مختلف اضلاع سے غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ذمہ داران بھی شریک ہوئے، جن میں سید عباس شاہ، ڈسٹرکٹ منیجر گجرات و جہلم؛ عامر نواز، ڈسٹرکٹ منیجر اٹک و اسلام آباد؛ صداقت حسین گوندل، ڈسٹرکٹ منیجر راولپنڈی و چکوال؛ قاضی عبدالحلیم، ڈسٹرکٹ منیجر منڈی بہاؤالدین؛ اشرف جاوید، پروگرام آفیسر چکوال؛ عبدالودود ثاقب اور فدا حسین، میانوالی؛ جبکہ عمر عبدالعزیز، کوآرڈینیٹر اٹک شامل تھے۔ تقریب کا بنیادی مقصد تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پرنسپلز کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرنا تھا۔ اس موقع پر تعلیمی سال 2025-26 کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پرنسپلز میں شیلڈز اور انعامات تقسیم کیے گئے۔ ضلع راولپنڈی ٹیم کی شاندار میزبانی، اس پروقار کنونشن کی میزبانی کا اعزاز غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن ضلع راولپنڈی کو حاصل ہوا، جبکہ پروگرام کے کامیاب انعقاد میں پروگرام کوآرڈینیٹر PSRP سکولز ضلع راولپنڈی عبدالودود عامر نے بطور نمایاں میزبان کلیدی کردار ادا کیا، عبدالودود عامر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کنونشن کے انتظامات کی نگرانی کی اور مہمانان گرامی، پرنسپلز اور دیگر شرکاء کے لیے بہترین انتظامات کو یقینی بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ ان کی سربراہی میں مصور حسین قریشی (پروگرام کوآرڈینیٹر PSSP سکولز ضلع راولپنڈی)، عمر طاہر، ارسلان انور، شاہ زیب شاہد اور خلیل الرحمٰن سمیت پوری ٹیم نے پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور محنت کی۔ مقررین نے اپنے خطابات میں معیاری تعلیم کے فروغ، طلبہ کی بہتر تربیت، سکول مینجمنٹ میں بہتری، اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور تعلیمی اداروں میں مثبت و مؤثر قیادت کی اہمیت پر زور دیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ پرنسپل کسی بھی تعلیمی ادارے کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، اس لیے ان کی حوصلہ افزائی اور بہترین کارکردگی کا اعتراف تعلیمی معیار میں مزید بہتری کے لیے اہم محرک ثابت ہوتا ہے۔ ”اعتراف کمال“ کے عنوان سے منعقد ہونے والا یہ کنونشن نہ صرف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پرنسپلز کے اعزاز میں منعقد کیا گیا بلکہ تعلیمی شعبے سے وابستہ افراد کو ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے، کامیاب حکمت عملیوں کا تبادلہ کرنے اور مستقبل کے لیے نئے اہداف متعین کرنے کا بھی مؤثر موقع فراہم کرتا رہا۔ اختتام پر منتظمین کی جانب سے تمام معزز مہمانان، غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ذمہ داران، پرنسپلز اور ٹیم ممبران کا شکریہ ادا کیا گیا۔ عبدالودود عامر نے بطور میزبان کامیاب انعقاد پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے تمام معاونین اور ٹیم ممبران کی کاوشوں کو سراہا۔ غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی جانب سے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ معیاری تعلیم کے فروغ، بچوں کے روشن مستقبل اور تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے جاری کاوشوں کو مزید مؤثر اور وسیع کیا جائے گا

بقیہ نمبر 8

1000 روپے کے 1199 انعامات جبکہ 1500 روپے والے بانڈز کا پہلا انعام 30 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 10 لاکھ کے تین جبکہ تیسرے انعام میں 1850 روپے کے 1696 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 9

تعاون سے شروع کیے جانے والے 16 ارب روپے لاگت کے کلائمیٹ ریزیلینس پروجیکٹ کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ منصوبے کے تحت گلگت بلتستان میں ماحول دوست اور محفوظ تعمیرات، صاف پانی کی فراہمی، سیوریج سسٹم اور آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی سمیت متعدد منصوبے شروع کیے جائیں گے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ امجد حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان قدرتی آفات کی زد میں ہے، جہاں ہر سال کلاؤڈ برسٹ اور سیلاب کے باعث متعدد گھر تباہ ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ قدرتی آفات کے نتیجے میں تباہ ہونے والے شہریوں کے مکانات کی جگہ محفوظ گھر تعمیر کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے گزشتہ سال بوبر کے سیلاب متاثرین کے لیے ایک کالونی قائم کی گئی تھی، جبکہ رواں سال سندھ حکومت کے تعاون سے قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کیلئے 200 گھر تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں بھی قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی بحالی اور انہیں محفوظ چھت کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ کلائمیٹ ریزیلینس پروجیکٹ کے تحت قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کے لئے محفوظ گھروں کی تعمیر کا منصوبہ بھی شامل کیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو آفت زدہ علاقوں میں متاثر ہونے والے گھروں کی تعمیر و بحالی کیلئے بھی اقدامات کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ اس سلسلے میں باضابطہ منظوری متعلقہ اسٹیئرنگ کمیٹی سے حاصل کی جائے۔ وزیر اعلیٰ امجد حسین نے منصوبے پر شفاف اور کامیاب عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے پروجیکٹ ڈائریکٹر کی تعیناتی میں میرٹ کی سختی سے پاسداری کرنے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ مختلف متعلقہ شعبوں کے ماہرین کو شفاف انٹرویو کے ذریعے موقع دیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ پروجیکٹ ڈائریکٹر کے عہدے کیلئے متعلقہ شعبوں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو بھی موقع فراہم کیا جائے تاکہ صحت مند مقابلے کے نتیجے میں اہل اور قابل امیدوار کا انتخاب ممکن ہو۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کلائمیٹ ریزیلینس پروجیکٹ بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ گلگت بلتستان میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے بھی انتہائی اہم ثابت ہوگا۔

بقیہ نمبر 10

سے 29 کلاشنکوف، 18 رائفلیں و کاربین، مختلف بور کے 318 پستول، 32 خنجر اور بھاری مقدار میں ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام قاضی علی رضا نے کہا کہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور اسلحہ کی نمائش کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ لائسنس یافتہ اسلحہ کا تھانے میں اندراج کرائیں جبکہ غیر قانونی اسلحہ پولیس کے حوالے کریں۔ شہری غیر قانونی اسلحہ یا اسلحہ کی نمائش کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق غیر قانونی اسلحہ کے خاتمے اور پرامن دارالحکومت کے قیام کے لیے ٹارگٹڈ آپریشنز اور کریک ڈاؤن مزید مؤثر انداز میں جاری رہیں گے۔ پولیس نے شہریوں سے قانون کی پاسداری اور پرامن اسلام آباد کے قیام میں تعاون کی اپیل کی ہے

بقیہ نمبر 11

پوائنٹ مقرر کیے جانے کے بعد سامنے آیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ضیاء اللہ خان داوڑ نے کہا کہ حکومت ہیپاٹائٹس کی اسکریننگ عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہے، کیونکہ بروقت تشخیص سے علاج جلد شروع اور سنگین پیچیدگیوں سے بچاؤ ممکن ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال کی طبی صلاحیت، جدید سہولیات اور وسیع مریضوں تک رسائی قومی اسکریننگ پروگرام کو مزید مؤثر بنانے میں مددگار ہوگی اور یہ سرکاری و نجی شعبے کے مؤثر اشتراک کی عملی مثال ہے۔ جی اے کے ہیلتھ کیئر انٹرنیشنل اور ڈاکٹر اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال کے گروپ چیف ایگزیکٹو آفیسر یاسر خان نیازی نے کہا کہ ہیپاٹائٹس کی اسکریننگ محض طبی اقدام نہیں بلکہ قومی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب لاکھوں افراد ہیپاٹائٹس کے ساتھ زندگی گزار رہے ہوں اور بیشتر کو اپنی بیماری کا علم نہ ہو تو اسکریننگ قومی پالیسی اور ایک فرد کی زندگی کے درمیان پل بن جاتی ہے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ بیماری کی پہلے تشخیص کریں، لوگوں کو بروقت علاج سے جوڑیں اور قابل تلافی تکلیف سے بچائیں۔ انہوں نے بیماری سے بچاؤ، بڑے پیمانے پر اسکریننگ اور ابتدائی تشخیص پر حکومت کی توجہ کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس علم، تشخیصی سہولیات اور مؤثر علاج موجود ہیں۔ اب ضرورت لوگوں تک بروقت پہنچنے کی ہے۔ ہر بروقت تشخیص ایک زندگی، ایک خاندان اور ہمارے صحت کے نظام کو مستقبل کے بڑے بوجھ سے محفوظ بنا سکتی ہے۔ سرکاری و نجی شعبے کے اشتراک کو صحت کے مستقبل کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے یاسر خان نیازی نے کہا کہ صحت کے شعبے کا مستقبل الگ الگ نظاموں میں نہیں بلکہ باہمی اشتراک میں ہے۔ جب حکومتی قیادت کو ذمہ دار نجی اداروں کے انفراسٹرکچر، رسائی اور طبی صلاحیت کا ساتھ ملتا ہے تو ہم زیادہ تیزی سے اور زیادہ دور تک پہنچ سکتے ہیں۔ ڈاکٹر اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال کو اس قومی مشن کا حصہ بننے پر فخر ہے۔ یہ اقدام اسلام آباد میں عالمی یوم ہیپاٹائٹس 2026 کے موقع پر وزارت قومی صحت، خدمات، ضوابط و رابطہ کاری کے زیر اہتمام قومی سیمینار کے بعد سامنے آیا، جس میں وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے افتتاحی خطاب کیا، جبکہ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال مہمان خصوصی تھے۔ سیمینار میں حکومتی حکام، عالمی ادارہ صحت کے نمائندگان، طبی ماہرین اور پالیسی سازوں نے ہیپاٹائٹس سے بچاؤ، اسکریننگ، تشخیص اور علاج پر تبادلہ خیال کیا۔ سیمینار کے دوران ڈاکٹر ضیاء اللہ خان داوڑ نے ڈاکٹر اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال کو وزیر اعظم کے قومی پروگرام برائے خاتمہ ہیپاٹائٹس سی کا فوکل پوائنٹ مقرر کیے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے اس کے اسٹریٹجک محل وقوع، جدید طبی سہولیات اور وسیع دائرہ رسائی کو اہم قرار دیا، جو اسلام آباد، راولپنڈی ڈویژن، مری، گلیات، آزاد جموں و کشمیر اور پنجاب و خیبر پختونخوا کے ملحقہ علاقوں تک پھیلا ہوا ہے۔ اسکریننگ سائٹ کے فعال ہونے سے ڈاکٹر اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال اپنی طبی صلاحیت اور وسیع رسائی کو بروئے کار لاتے ہوئے زیادہ افراد تک اسکریننگ، بروقت تشخیص اور علاج کی سہولت پہنچانے میں کردار ادا کرے گا اور 2030 تک پاکستان کو ہیپاٹائٹس سے پاک بنانے کے قومی ہدف کو آگے بڑھانے میں معاون ہوگا

بقیہ نمبر 12

ختم نبوت یوتھ فورس داتا کے زیر اہتمام منعقدہ عظیم الشان و پروقار تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کے ایمان کا لازمی حصہ ہے موجودہ دور میں ضرورت اس امر کی ہے کہ علماء کرام والدین اور دینی تنظیمیں نوجوان نسل کو اسلامی عقائد اور سیرت طیبہ سے روشناس کرائیں تاکہ وہ فکری و نظریاتی گمراہی سے محفوظ رہیں انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کرنے کے لیے کانفرنسز اور دیگر دینی پروگراموں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے ہمیں اپنے بچوں اور نوجوانوں کے ایمان و عقیدے کی حفاظت کے لیے پرامن اور آئینی دائرے میں رہتے ہوئے ہمیشہ جدوجہد جاری رکھنی چاہیے مقررین نے کہا کہ مسلمان ختم نبوت کے عقیدے پر مکمل ایمان رکھتے ہیں اور اس بنیادی و اسلامی عقیدے کے تحفظ کے لیے علماء کرام اور دینی کارکنوں کی خدمات قابل تحسین ہیں انہوں نے کانفرنس کے انعقاد پر منتظمین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگراموں سے عوام اور بالخصوص نوجوانوں کی بھرپور شرکت دینی شعور کے فروغ کا ذریعہ بنتی ہے کانفرنس میں علماء کرام عمائدین علاقہ دینی کارکنان اور نوجوانوں ختم نبوت اور فورس کے جانبازوں نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی کانفرنس کے اختتام پر ملک و ملت اور امت مسلمہ خصوصا پاکستان کی سلامتی و استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 13

عبدل دوسری سیڈ: کلیم اللہ شعیب تیسری سیڈ: صدام الحق انتظامی کمیٹی کے نمائندے سید رضا علی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا: ”اس ٹورنامنٹ کا بنیادی مقصد نوجوانوں میں اسکواش کے کھیل کو فروغ دینا اور قومی سطح کے کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا بہترین پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔“ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ اور اختتامی تقریب بدھ، 19 اگست 2026 کو شالیمار کلب اسکواش کورٹس میں منعقد ہوگی

بقیہ نمبر 14

کروایا گیا ہے۔ ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا ہے کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ خواتین اور بچوں کو ہراساں کرنا یا ان سے زیادتی ناقابل برداشت ہے اور ایسے واقعات میں قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 15

سرفراز مغل نے کہا کہ سردار الیاس خان کو اوورسیز پاکستانیوں کے ٹیکس معاملات کے حوالے سے مشیر مقرر کرنا نیک شگون اور خوش آئند فیصلہ ہے۔ ان کی وسیع تجربے، صلاحیتوں اور بیرون ملک پاکستانیوں کے معاملات سے آگاہی سے حکومت کو پالیسی سازی میں بہتر رہنمائی حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ملکی معیشت کا اہم اثاثہ ہیں اور ان کے مسائل کے حل، ٹیکس معاملات میں آسانی اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ سردار الیاس خان نے پاکستان کے مثبت امیج کی تعمیر، فروغ اور ملکی ریونیو میں اضافے، بیرون ملک پاکستانیوں کو پاکستان سے جوڑنے اور ان کی صلاحیتوں سے قومی مفاد میں استفادہ کرنے کے لیے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ سرفراز مغل نے مزید کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ، انہیں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا اور وطن عزیز کے ساتھ ان کے تعلق کو مزید مضبوط بنانا قومی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان کے پلیٹ فارم سے سردار الیاس خان، ان کے صاحبزادے سردار یاسر الیاس اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز سردار الیاس خان کی خدمات کا اعتراف اور پاکستان سے محبت و وابستگی رکھنے والے تمام پاکستانیوں کے لیے باعث مسرت ہے

بقیہ نمبر 16

درج کیا جبکہ اس کی بیٹی نے ساغر کے ساتھ پسند اور مرضی سے کورٹ میرج کر لی، خاندان سے جانی خطرات کے پیش نظر مذکورہ لڑکی نے سرکار کو تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی، تھانہ گوجرخان میں درج مقدمے کے مطابق 23 سالہ مذکورہ 10 اگست کو گھر کی خواتین ہمراہ گوجرخان بازار شاپنگ کے لیے آئی، اگلے ماہ ستمبر میں شادی طے تھی، اپنے ساتھ دو لاکھ روپے کیش، 05 تولے طلائی زیورات بھی ہمراہ لائی، اسی دوران اپنی کزن کے ساتھ شاپنگ کا کہہ کر سہیلی کی خواتین کو گھر واپس بھجوا دیا۔ کچھ دیر بعد رابطے پر نمبر بند ملے، سہیلی سے دریافت پر معلوم ہوا کہ اسکو گھر والی بس پر بٹھا دیا کردہ کہیں چلی گئی جسکا اسکو علم نہیں ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں جوڑے کا کہنا تھا کہ 10 اگست کو اپنی مرضی اور پسند سے کورٹ میرج کر لی ہے۔ خاندان کی مرضی کے خلاف شادی کرنے پر جانی خطرات لاحق ہو چکے ہیں ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 17

سہیل شہزاد فنانس سیکرٹری محمد عاصم جوائنٹ سیکرٹری فیصل خان انفارمیشن سیکرٹری سید مہدی ممبران گورننگ باڈی حبیب شیخ راجہ خالد راجہ ظفر عابد ضیاء طاہر کاظمی راجہ عاصم عمر فاروق بلا مقابلہ منتخب قرار پائے سجاد حیدر 22 ویں مرتبہ صدر منتخب ہوئے اور فوٹو جرنلسٹ کی فلاح و بہبود کے کام جاری رکھنے کا اعلان کیا اپوزیشن لیڈر رپچا نعیم ملک گروپ نے گزشتہ روز اپنے کاغذات واپس لے لیے اور اپنا پینل کے حق میں دستبردار ہو گئے تھے، ایڈیٹر شہرنامہ نیوز راجہ جاوید اختر اور جملہ اسٹاف نے نو منتخب صدر سجاد حیدر اور سینئر نائب صدر چوہدری جہانگیر سمیت دیگر تمام نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی ہے

بقیہ نمبر 18

قاتل کو آزاد کشمیر کے معاملات سے دور رکھا جائے ایک سو کے قریب قیمتی جانوں کے نقصان کے باوجود ضد اور ہٹ دھرمی افسوسناک ہے اس ناحق قتل عام کے دونوں فریق ذمہ دار ہیں سردار خادم طاہر نے اپنے ردعمل میں کہا کہ حکومت اور ایکشن کمیٹی کی لاپرواہی کے باعث گھر کے گھر اجڑ گئے حکومت پاکستان دنیا کے مسائل حل کرنے کے بجائے اپنے گھر کی فکر کرے راولاکوٹ پونچھ سوا دو ماہ سے بند ہے تعلیمی اداروں کی بندش اشیا خورد و نوش کی قلت تباہی کے سوا کچھ نہیں انہوں نے کہا زخمیوں کو سی ایم ایچ راولاکوٹ تک رسائی دی جائے زخمیوں کو علاج معالجے کی سہولیات سے محروم رکھنا انسانیت دشمنی ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ احتجاجی دھرنے کی جگہ تک ایمبولینس سروس کو جانے کی اجازت دی جائے ایدھی فاؤنڈیشن چھیپا اور دیگر فلاحی اداروں کو مکمل رسائی دی جائے انہوں نے کہا کہ تاریخ میں یاد رکھا جائے گا کہ طویل عرصہ تک خون خرابا جاری رہا اور حکومت پاکستان نے کوئی کردار ادا نہیں کیا بلکہ مجرمانہ خاموشی اختیار کیے رکھی جو کہ افسوسناک ہے

بقیہ نمبر 19

آج اگر ہم اپنے نبی کریم سے تعلق ظاہر و باطن میں مضبوط کر لیں تو ہم دنیا کے ہر محاذ پر کامیاب ہو جائیں ان خیالات کا اظہار ممتاز عالم دین مولانا ابوالعباس محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم ادارہ کنزالایمان اسلام آباد نمبردار ضمیر اختر قریشی۔ نمبردار بشیر اختر قریشی کے زیر اہتمام سالانہ استقبال ربیع الاول میلاد کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہماری کامیابی کا راز سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر عمل پیرا ہونے میں مضمر ہے۔ تقریب سے علامہ محمد عثمان چشتی راولپنڈی۔ نعت خواں محمد صدیق، امجد اسلام امجد راولپنڈی۔ نے گلہائے عقیدت پیش کیا۔ استاذی المکرم نے اختتامی دعا کی حاجی بشیر اختر قریشی کی طرف سے لنگر کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ نمبر 20

شخصیات اور معززین نے شرکت کی، بعد ازاں جشن آزادی کا کیک کاٹا گیا اور ملکی سلامتی، استحکام، ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے راجہ شوکت عزیز بھٹی نے کہا کہ پاکستان برصغیر کے مسلمانوں کی طویل جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کا ثمر ہے، قیام پاکستان کیلئے ہمارے بزرگوں نے گھر بار چھوڑے، ہجرت کی صعوبتیں برداشت کیں اور جان و مال کی قربانیاں دیں۔ قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت اور علامہ محمد اقبالؒ کے تصور پاکستان نے مسلمانوں کو ایک آزاد وطن کے حصول کیلئے متحد کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، اس کی حفاظت صرف جشن منانے سے نہیں بلکہ قانون کی پاسداری، دیانت داری سے فرائض کی ادائیگی، اتحاد و اتفاق اور ملکی ترقی میں عملی کردار ادا کرنے سے ممکن ہے۔ نوجوان نسل کو تحریک پاکستان کی تاریخ اور اسلاف کی قربانیوں سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ راجہ شوکت عزیز بھٹی نے کہا کہ صحافت عوامی مسائل اجاگر کرنے اور قومی شعور بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے، پوٹھوہار پریس کلب کے صحافی اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں ادا کرتے رہیں۔ ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ نے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کا ثمر ہے، نوجوان تعلیم، محنت، دیانت اور نظم و ضبط کو اپنا شعار بنا کر ملک کی ترقی میں کردار ادا کریں۔ تقریب کے اختتام پر راجہ شوکت عزیز بھٹی، ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ، شہزادہ ارباب اعجاز، راجہ محمد اقبال اور دیگر شرکاء نے کیک کاٹا، پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے۔ صدر و جنرل سیکرٹری پوٹھوہار پریس کلب نے مہمانوں اور شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آزادی کی خوشیوں کے ساتھ قیام پاکستان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

بقیہ نمبر 21

نے ڈی جی کنٹونمنٹس بورڈ، ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس، اسٹیشن کمانڈر راولپنڈی ڈائریکٹر ریجن راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ بھاٹہ چوک میں غیر قانونی تعمیرات، بغیر نقشہ دکانوں کے کمرشل استعمال اور قائم تجاوزات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور اس امر کی بھی تحقیقات کی جائیں کہ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بروقت ایکشن کیوں نہیں لیا گیا ہے

بقیہ نمبر 22

کا انعقاد کیا گیا، جس دوران کثیر تعداد میں پودے لگائے گئے۔ شجر کاری مہم میں ڈسٹرکٹ نگران راولپنڈی مولانا تیمور مدنی، سب تحصیل نگران مندرہ تسلیم رضا عطاری، مقامی ذمہ دار طفیل انجم، چوہدری عمر اشفاق سمیت اہل علاقہ تھیا کلیال نے بھرپور شرکت کی اور شجر کاری مہم میں اپنا کردار ادا کیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ ماحولیاتی بہتری، صاف ستھرے اور سرسبز پاکستان کے لیے زیادہ سے زیادہ پودے لگانا اور ان کی حفاظت کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پودا لگانا صرف ایک دن کی سرگرمی نہیں بلکہ اسے درخت بنانے تک اس کی نگہداشت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن دعوت اسلامی کی جانب سے ملک بھر میں شجر کاری کا سلسلہ جاری ہے اور اب تک پاکستان میں 35 لاکھ سے زائد پودے لگوائے جا چکے ہیں درخت بنانا ہے، شجر کاری مہم کے منتظمین نے تمام شرکاء، اہل علاقہ اور تعاون کرنے والے افراد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ لگائے گئے پودوں کی حفاظت اور نگہداشت کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 23

نے مقدمہ درج کر کے نامزد ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق بچی گھر کے باہر کھیل رہی تھی کہ پڑوسی نے چورن کی ڈبیاں دینے کے بہانے اسے اپنے پاس بلایا اور مبینہ طور پر گھر کی چھت پر لے گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق بچی کے شور مچانے پر ملزم نے اسے مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا، شور کی آواز سن کر ملزم موقع سے فرار ہو گیا، روتی ہوئی بچی نے گھر پہنچ کر اپنی والدہ کو واقعے سے آگاہ کیا۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر کے نامزد ملزم کو گرفتار کر لیا، پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے اور شواہد کی روشنی میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ نمبر 24

آپریشنز کیے۔ آپریشنز کے دوران 228 افراد 101 گھروں 21 دکانوں 14 ہوٹلز 131 موٹر سائیکلوں اور 48 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ پولیس کے مطابق جانچ پڑتال کے لیے 3 مشکوک افراد اور 12 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا جبکہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مختلف بور کے 2 پستول معہ ایمونیشن برآمد کیے گئے۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز جاری رہیں گے جبکہ جرائم پیشہ عناصر قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر دیں

بقیہ نمبر 25

کے لیے فول پروف سکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر سکیورٹی کے لیے افسران و جوانوں کو تعینات کیا گیا ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے بری امام کا دورہ کیا اور عرس کے موقع پر کیے گئے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو مؤثر اور ذمہ دارانہ انداز میں فرائض انجام دینے کی ہدایات جاری کیں۔ ایس ایس پی آپریشنز نے ہدایت کی کہ دوران ڈیوٹی مشکوک افراد اور جرائم پیشہ عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے جبکہ زائرین کے ساتھ خوش اخلاقی اور تعاون پر مبنی رویہ اپنایا جائے۔ انہوں نے زائرین کی آمدورفت میں سہولت کے لیے تھرو آئی ویو کھلا رکھنے کی بھی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد پولیس کے افسران و جوان تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے مؤثر سکیورٹی انتظامات یقینی بنا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ تلاشی کے عمل میں پولیس سے تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص چیز یا سرگرمی کی فوری اطلاع پولیس ہیلپ لائن 15 پر دیں۔

بقیہ نمبر 26

کے بانی سبطین رضا لودھی سمیت سیاسی، سماجی، انسانی حقوق اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد آفتاب سلہری نے کہا کہ پاکستان کا یوم آزادی ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ آزادی کی قدر کرتے ہوئے ملک میں انسانی حقوق، قانون کی حکمرانی، انصاف، امن اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مظلوم اقوام کے بنیادی انسانی حقوق کے لیے آواز بلند کرنا انسانی حقوق کی تنظیموں کی اہم ذمہ داری ہے۔ ایرانی سفارتی نمائندہ زہرہ شاہ بیگ نے پاکستانی قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آزادی کسی بھی قوم کے لیے ایک عظیم نعمت اور قابل فخر سرمایہ ہے۔ پاکستان اور ایران دو برادر اور ہمسایہ ممالک ہیں، جن کے درمیان تاریخی، ثقافتی، مذہبی اور عوامی روابط انتہائی مضبوط ہیں۔ ایران پاکستان کی ترقی، استحکام، امن اور خوشحالی کے لیے نیک خواہشات رکھتا ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ پاکستان کا یوم آزادی کشمیری عوام کے لیے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ عالمی برادری کو مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے کشمیری عوام کے بنیادی حقوق اور حق خودارادیت کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے۔ محمد بشیر راجا نے کہا کہ پاکستان کی آزادی لاکھوں مسلمانوں کی عظیم قربانیوں کا ثمر ہے۔ ہمیں ملک کے استحکام، ترقی اور قومی اتحاد کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا اور مسئلہ کشمیر پر پاکستان کی قومی آواز ہمیشہ مضبوط اور مؤثر رہنی چاہیے۔ تقریب کے دوران پاک فوج اور دیگر قومی اداروں کی خدمات اور قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے قومی اداروں نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے اور انہی اداروں کی قربانیوں اور خدمات کے باعث پاکستان مضبوط اور قائم و دائم ہے۔ اس موقع پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان ہونے والے معاہدے کو بھی خوش آئند قرار دیتے ہوئے سراہا گیا اور امید ظاہر کی گئی کہ اس سے خطے میں باہمی تعاون، امن، استحکام اور برادرانہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر خالد آفتاب سلہری اور کشمیری رہنما مشعال ملک نے شرکاء میں اعزازی سرٹیفکیٹس تقسیم کیے اور انسانی حقوق، قومی خدمت، امن اور سماجی خدمات کے لیے نمایاں کردار ادا کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 27

اسلام آباد میں اختتام پذیر ہو گئی ہیں۔ چار روزہ تربیتی پروگرام میں جڑواں شہروں کی جامعات و کالجز کے طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ پروگرام کے شرکاء کو عملی زندگی کی مہارتوں، ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاری، ذہنی صحت سے متعلق آگاہی، ڈیجیٹل اور سائبر سکیورٹی، ابلاغ، ٹیم ورک، پیشہ ورانہ رویوں اور شہری ذمہ داریوں سمیت ایسی اہم مہارتیں فراہم کی گئیں جو تعلیمی کامیابی، روزگار اور معاشرے میں بامعنی کردار ادا کرنے کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔ تربیتی سیشنز، پریکٹیکلز اور گروپ سرگرمیوں کے ذریعے شرکاء کی ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کیا گیا، جبکہ انہیں ہنگامی حالات سے نمٹنے، ابتدائی طبی امداد، سی پی آر، فائر سیفٹی اور قدرتی آفات کے دوران امدادی کارروائیوں سے متعلق عملی معلومات بھی فراہم کی گئیں۔ پروگرام میں ذہنی صحت اور فلاح و بہبود، ذہنی دباؤ سے نمٹنے، ثابت قدمی اور دوسروں کے احساسات کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل خواندگی اور سائبر سکیورٹی پر بھی توجہ دی گئی۔ شرکاء کو آن لائن تحفظ، نجی معلومات کی حفاظت، مصنوعی ذہانت کے ذمہ دارانہ استعمال، کام کی جگہ کے اخلاقی اصولوں اور پیشہ ورانہ پروفائل کی تیاری سے متعلق بھی آگاہ کیا گیا۔ نوجوانوں نے صحت کے شعبے سے وابستہ ماہرین، ترقیاتی امور کے ماہرین، تربیت کاروں اور مختلف شعبوں کے ماہرین کے ساتھ بھی بھرپور انداز میں تبادلہ خیال کیا، جس سے ان کے اعتماد میں اضافہ ہوا اور انہیں رضاکارانہ سرگرمیوں، سماجی اقدامات اور کمیونٹی سروس میں فعال کردار ادا کرنے کی ترغیب ملی۔ پروگرام کی خاص بات اس کا بین الاقوامی یوتھ ڈے 2026ء کے موقع پر انعقاد تھا۔ پروگرام میں صحت مند، محفوظ، جامع اور پائیدار معاشرے کی تعمیر میں نوجوانوں کے کردار کو اجاگر کیا گیا۔ شفا فاؤنڈیشن نے نوجوانوں کی قیادت میں شجر کاری مہم کا بھی آغاز کیا جس کا مقصد ماحولیاتی ذمہ داری، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے اور سرسبز پاکستان کے وژن کو فروغ دینا ہے۔ شفا فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالوہاب نے اپنی نوعیت کے اس منفرد انٹرن شپ پروگرام میں شریک طلباء کے لیے منعقدہ تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ”نوجوانوں کو مثبت تبدیلی لانے کے لیے مستقبل کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں، وہ آج ہی معاشرے میں مثبت تبدیلی کا آغاز کر سکتے ہیں۔“

بقیہ نمبر 28

ذریعے خیراتی مینڈیٹ حاصل کیا ہے، عوام نے 2024 میں بھی مسلم لیگ ن کو مسترد کیا تھا اور 2026 میں بھی عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ جعلی مینڈیٹ کے ذریعے حکومت تو بنائی جا سکتی ہے، عوام میں مقبولیت اور حقیقی عوامی حمایت حاصل نہیں کی جا سکتی

بقیہ نمبر 29

تھانہ ڈاکس شاہد کے مطابق مقتول محمد ہاشم ولد صورت عالم کو گھر کے قریب مبینہ طور پر ٹارگٹ کر کے فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں 2 گولیاں سینے پر لگیں جو جان لیوا ثابت ہوئیں۔ اطلاع کے مطابق فائرنگ کے وقت مقتول کے ساتھ کوئی اور شخص بھی بیٹھا ہوا تھا تاہم ملزمان کی جانب سے جیسے ہی فائرنگ شروع کی گئی دوسرا شخص فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ تاہم واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی اور جائے وقوعہ سے نائن ایم ایم پستول کا ایک خول برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس نے مقتول کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے سول اسپتال منتقل کر دی جبکہ واقعے کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے۔ دوسری جانب کراچی میں نامعلوم سمت سے گولیاں چلنے کا سلسلہ بدستور جاری ہے، مختلف علاقوں میں گولیاں لگنے سے نوعمر لڑکے سمیت 2 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق نارتھ ناظم آباد نصرت بھٹو کالونی میں فائرنگ سے 12 سالہ ارسلان زخمی ہو گیا جبکہ شرافی گوٹھ کے علاقے لانڈھی معین آباد ایک نمبر میں گھر کے اندر فائرنگ سے 45 سالہ لائق شاہ زخمی ہو گیا۔ دونوں زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے عباسی اور جناح اسپتال لے جایا گیا۔ اس حوالے سے شارع نور جہاں اور شرافی گوٹھ پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں واقعات نامعلوم سمت سے آنے والی گولیاں لگنے سے پیش آئے ہیں اور اس حوالے سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ نمبر 30

نے فیتا کاٹ کر افتتاح کیا افتتاحی تقریب میں شہر کی معروف شخصیات۔ ناصر جمال ہاشمی۔ تحقیل کیانی۔ ملک ناصر۔ قاری ندیم قاسمی اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر عمر روف نے کہا کہ ہم معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے ہمارا کا مقصد شہریوں کو معیاری، صاف ستھری اور صحت بخش بیکری مصنوعات فراہم کرنا ہے۔ شہریوں نے نئی بیکری کے آغاز کو سراہا اور کہا کہ اس سے علاقے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اس موقع پر گڈ ڈیل بیکری کے سی ای او رانا عمر روف پاک نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 31

دیگر مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رہے گا، حکومت نے راستہ روکنے کی کوشش کی تو دھرنا ”حکومت گراؤ تحریک“ میں تبدیل ہو جائے گا۔ شہباز شریف اور مریم نواز کی گورننس ناکام ہو چکی، حکمرانوں نے پورے نظام کو تہس نہس کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے مال روڈ پر وزیر اعلیٰ ہاؤس پنجاب کے باہر پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری دھرنے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر اسامہ رضی، قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر جنجوعہ، امیر پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری، امیر لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری پنجاب وسطی بابر رشید، نائب امیر لاہور چودھری شوکت، صدر کسان بورڈ پاکستان سردار ظفر حسین خان، چوہدری شوکت، ذکر اللہ مجاہد اور دیگر نے بھی دھرنے کے شرکا سے خطاب کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹریز شیخ عثمان فاروق، اظہر اقبال حسن، معاون خصوصی عمیر ادریس، سوشل میڈیا ہیڈ سلمان شیخ، سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی، امیر صوبہ پنجاب جنوبی سید ذیشان اختر، امیر گوجرانوالہ مظہر اقبال رندھاوا، امیر سیالکوٹ امتیاز بریار، صدر وائے ڈی اے پنجاب شعیب نیازی اور دیگر راہنما بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 32

ہی میں سعودی عرب اور پاکستان کے ساتھ اعلان کیے گئے مشترکہ دفاعی معاہدے پر بھی گفتگو کی اور کہا کہ مستقبل میں مصر سمیت دیگر ممالک کے اس معاہدے میں شامل ہونے کا امکان موجود ہے۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ مصر، ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان طے پانے والے نئے مشترکہ دفاعی معاہدے میں شامل ہونے والا اگلا ملک بن سکتا ہے۔ صدر اردوان نے مصر کی ممکنہ شمولیت کو ان مختلف آپشنز میں سے ایک قرار دیا جن پر اتحاد کی توسیع کے لیے غور کیا جا رہا ہے۔ مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ (مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ) کے نام سے معروف اس معاہدے پر گزشتہ جمعے کو سعودی عرب کے مقدس شہر مکہ میں صدر اردوان، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور پاکستانی وزیر اعظم شہباز شریف نے دستخط کیے تھے۔

بقیہ نمبر 33

ملک میں جو صوبے ہیں وہ لسانی بنیادوں پر بنائے گئے تھے، زیادہ آبادی کے باوجود یہ صوبے انتظامی یونٹ ہیں، آبادی کی رفتار سے زیادہ ملک بھر میں اضلاع بنا دیے گئے، لیکن آبادی کے بڑھنے کے باوجود صوبے نہیں بنائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے نہ بنانے کے جو اثرات آئے ہیں اس پر بھی بات کرنی چاہیے، ہم نے جو تجویز پیش کی اس پر ملک کی مختلف جماعتیں آواز سے آواز ملا رہی ہیں، ملک بھر کے افراد یہ کہتے ہیں آئیں اس پر ڈائیلاگ شروع کرتے ہیں، اس پر ایک بڑے قومی ڈائیلاگ کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 34

مرتضیٰ وہاب وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز ملک شہزاد بھی موجود تھے۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی کا کہنا تھا کہ خطے کی صورتحال غیر معمولی ہے، ایسے میں کہ معاہدہ ہوا، معاشی اثرات صرف پاکستان نہیں، دنیا بھر میں ہیں، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کوشش کر رہے ہیں کہ بہتر اثرات عوام تک پہنچیں، حکومت اور ٹرانسپورٹرز نے ایک دوسرے کو سنا، دونوں متفق ہیں کہ ملک کے لیے ہر قربانی کو تیار ہیں۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ ٹرانسپورٹرز کے جو مسائل حل طلب تھے وہ حل کیے، کچھ مطالبات کے لیے رسمی کارروائیاں ہیں وہ پوری کریں گے۔

بقیہ نمبر 35

ہیں۔ حکام کے مطابق زلزلے کے باعث 2 ہزار سے زائد افراد اپنے گھروں سے نقل مکانی کر کے عارضی پناہ گاہوں میں منتقل ہو گئے

بقیہ نمبر 36

فتنہ الخوارج کے منصور گروپ سے بتایا گیا ہے، کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے اسلحہ اور بارود بھی برآمد کیا گیا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق دہشتگرد منصور نے شہزاد کو کراچی سے تنظیم کے لیے فنڈنگ جمع کرنے کا ٹاسک دیا تھا، گرفتار ملزم مختلف افراد سے ماہانہ بنیادوں پر فتنہ الخوارج کیلئے مبینہ طور پر فنڈنگ جمع کرتا رہا جبکہ یہ رقوم ایزی پیسہ اکاؤنٹس کے ذریعے وزیرستان منتقل کی جاتی تھیں

بقیہ نمبر 37

حکمرانی کا اصل چہرہ بے نقاب کر دیا۔ دی ٹیلی گراف کی رپورٹ کے مطابق طالبان رجیم افغانستان میں فتح کا جشن منا رہا ہے جبکہ عوام بھوک اور بے روزگاری سے دوچار ہیں، طالبان رجیم کے 5 سالہ دور میں غربت اور بے روزگاری سے مجبور افغان بہتر مستقبل کی تلاش میں خطرناک راستے اختیار کرنے پر مجبور ہیں۔ رپورٹ کے مطابق روزگار کی تلاش میں ایران جانے والے افغان شہری شدید گرمی اور پیاس کے باعث راستے میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، صحرا میں افغان شہریوں کی ہلاکتیں طالبان رجیم کے دور میں بڑھتی غربت اور بے روزگاری کی سنگین عکاسی کرتی ہیں۔ دی ٹیلی گراف نے لکھا کہ افغان خاندان کئی کئی دن صرف خشک روٹی پر گزارا کرنے پر مجبور ہیں، طالبان کے اقتدار پر قبضے کے بعد 34 لاکھ افغان ملک چھوڑنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ بتایا گیا کہ خواتین کو بازاروں میں چہرہ نہ ڈھانپنے پر طالبان اہلکاروں کے تشدد کا سامنا ہے، چیک پوسٹوں، اخلاقی پولیس اور خواتین کے لاپتا ہونے کے خوف نے افغان معاشرے کو جکڑ رکھا ہے، طالبان حکام نے صحافیوں کو 15 اگست کی کوریج صرف جشن تک محدود رکھنے اور تنقیدی مواد نشر نہ کرنے کی ہدایت دی۔ دی ٹیلی گراف نے لکھا کہ اقوام متحدہ کے مطابق رواں سال تقریباً 2 کروڑ 20 لاکھ افغان انسانی امداد کے محتاج ہیں، یونیسیف کے مطابق تقریباً 2 کروڑ 90 لاکھ افغان اپنی بنیادی ضروریات سے محروم ہیں۔ برطانوی جریدے کے مطابق ہبت اللہ اخوندزادہ نے افغانوں سے غربت اور بھوک کی خبروں پر یقین نہ کرنے کو کہا جبکہ ہبت اللہ اخوندزادہ خود کبھی عوامی سطح پر سامنے نہیں آئے۔ رپورٹ کے مطابق طالبان کے اقتدار میں خواتین اور لڑکیوں کو تعلیم اور روزگار کی شدید پابندیوں کا سامنا ہے، طالبان رجیم کی لڑکیوں کی تعلیم پر پابندیاں بدستور برقرار ہیں، یونیسکو کے مطابق 24 لاکھ لڑکیاں تعلیم سے محروم ہیں، 6 لاکھ خواتین کے روزگار سے باہر ہونے کا خدشہ ہے۔ دی ٹیلی گراف کے مطابق افغانستان میں لڑکیوں کی زندگی انتہائی مشکل ہو چکی ہے، حالات مزید بگڑنے پر لڑکیاں بقا کے لیے طالبان سے شادی پر مجبور ہو سکتی ہیں

بقیہ نمبر 38

کہ الخا بندرگاہ نے حالیہ حملوں کے بعد تجارتی اور بحری سرگرمیاں معطل کر دی ہیں۔ حملوں کے دوران بندرگاہ کو 25 سے زائد میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا۔ بندرگاہ کے ڈائریکٹر کے مطابق حملوں میں 7 افراد ہلاک ہوئے جبکہ نقصانات کا تخمینہ 1 کروڑ 60 لاکھ ڈالر لگایا گیا ہے۔ یمنی حکومت کے مطابق حوثیوں نے الخا بندرگاہ پر 6 بیلسٹک میزائل فائر کیے، میزائل حملوں میں شہری، اقتصادی اور بحری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ الخا بندرگاہ بحیرہ احمر میں باب المندب آبنائے کے قریب واقع ہے، جو بحیرہ احمر کو خلیج عدن سے ملانے والا اہم بحری راستہ ہے اور عالمی تجارت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 39

دینا بند کریں، امریکی صدر کو اپنی حفاظت کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ ایکس پر جاری بیان میں ابراہیم عزیزی نے کہا کہ امریکی صدر آبنائے ہرمز بند کرنے کی دھمکیاں دینا بند کریں اور اپنی سکیورٹی کی فکر کریں۔ ایرانی رکن پارلیمنٹ نے سخت لہجے میں کہا کہ امریکی صدر کو اپنی حفاظت کے بارے میں سوچنا چاہیے

بقیہ نمبر 40

وزیوں سے متعلق قوانین میں نئی ترمیم کی منظوری دے دی ہے۔ سعودی پریس ایجنسی (SPA) کے مطابق، وزارت کے ترجمان نصر الانصاری نے بتایا کہ ان جدید اصلاحات کا مقصد آپریشنل ڈھانچے کو مضبوط بنانا اور حجاج کرام کی آمد سے قبل تمام رہائشی سہولیات کی مکمل تیاری کو یقینی بنانا ہے۔ نئے ضوابط کے تحت تمام رہائشی عمارتوں کو صفائی، دیکھ بھال، اور ایمرجنسی خدمات کے حوالے سے سخت معیارات پر پورا اترنا ہوگا، جس کی بنیاد پر انہیں اکانومی یا فرسٹ کلاس کا درجہ دیا جائے گا۔ وزارت نے واضح کیا ہے کہ لائسنس کے اجراء سے قبل، آپریشن کے آغاز پر اور تمام حج سیزن کے دوران فیلڈ ٹیمیں مسلسل معائنہ کریں گی۔ گزشتہ حج سیزن (2026) کے دوران بھی 000,19 سے زائد معائنے اور 300,3 سے زیادہ آگاہی دورے کیے گئے تھے تاکہ زائرین کو اعلیٰ معیار کی سہولیات میسر آسکیں۔ علاوہ ازیں، وزارت نے ایک سمارٹ ایکو موڈیشن سروس بھی متعارف کرائی ہے جو حجاج کی آمد کی ریئل ٹائم ٹریکنگ اور عمارتوں میں گنجائش کا خودکار نظام کے تحت جائزہ لے گی تاکہ انتظار کا وقت کم سے کم ہو سکے۔ سعودی حکام نے 2027 کے حج سیزن کے لیے رہائشی لائسنس حاصل کرنے کے خواہشمند تمام مالکان اور اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ بروقت تمام تر مرمتی اور حفاظتی کام مکمل کر کے اپنی درخواستیں جلد از جلد جمع کرائیں۔

بقیہ نمبر 41

نظام تیار کرنے کی پیداواری صلاحیت کا 85 فیصد سے زیادہ حصہ محفوظ رہا۔ پاسداران انقلاب کے ایک عہدیدار نے فارس کی جانب سے نشر کی گئی ایک دستاویزی فلم میں جنگ کے دوران ایران کی دفاعی پیداوار سے متعلق تفصیلات بیان کیں۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق جنگ کے دوران ملک کے فوجی پیداواری ڈھانچے کو نشانہ بنائے جانے کے باوجود میزائلوں اور فضائی دفاعی نظام کی تیاری اور فراہمی کی رفتار جنگ سے پہلے کی سطح کے مقابلے میں کم نہیں ہوئی۔

بقیہ نمبر 42

ہسپتالوں اور اداروں میں اہم عہدوں پر فرائض سرانجام دیتی رہی ہیں اس وقت بھی کرنل شاہدہ جاوید خیبر پختونخواہ کے ایک ملٹری ہسپتال میں خدمات سرانجام دے رہی ہیں انہوں نے 1994 میں پاک فوج میں کمیشن حاصل کیا، ان کو تمغہ امتیاز ملنے پر عزیز اقارب نے خوشی و مسرت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی

بقیہ نمبر 43

کرنے والی سرکاری کمپنیوں (جینکوز) کی ایندھن فراہم کرنے والوں کو واجب الادا رقم میں بھی معمولی کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ 90 ارب روپے ہو گئی، جو ایک سال پہلے 93 ارب روپے تھی۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے گردشی قرضے کی فنانسنگ مالی سال 2025-26 میں 801 ارب روپے رہی، جبکہ گزشتہ مالی سال پاور ہولڈنگ لمیٹڈ (پی ایچ ایل) میں 660 ارب روپے رکھے گئے تھے۔ فنانسنگ کے اس جزو نے مجموعی گردشی قرضے میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا۔ مالی سال کے دوران مختلف عوامل کے باعث گردشی قرضے میں مجموعی طور پر 364 ارب روپے کا اضافہ ہوا، تاہم مالی گنجائش سے کی جانے والی ادائیگیوں، جن میں 302 ارب روپے کی اسٹاک ادائیگیاں شامل ہیں، نے اس اضافے کو جزوی طور پر کم کیا

بقیہ نمبر 44

تک کابینہ یا پارلیمنٹ میں زیر بحث آیا ہے۔ نجی نیوز چینل کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے رانا ثنا کا کہنا تھا کہ جو وفاقی وزراء نئے صوبوں کا قیام چاہتے ہیں وہ کوئی فارمولا تحریری شکل میں سامنے رکھیں، کیا علیم خان نے صوبوں سے متعلق کوئی منصوبہ پیش کیا ہے؟ صرف بات کرنے سے یا پوڈکاسٹ کرنے سے تو صوبے نہیں بن سکتے۔ رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے حوالے سے اب تک کوئی پلان نہیں بتایا گیا ہے، کوئی کہہ رہا ہے 12 صوبے ہوں گے، کوئی 32 اور کوئی 20 کہہ رہا ہے، کیا کوئی آدمی محض خیالی طور پر یہ کہہ سکتا ہے کہ ملک میں ایسا ہونا چاہیے؟ ان کا کہنا تھا کہ مصطفیٰ کمال کا معاملہ تو صرف کراچی کی حد تک ہے، عوامی سطح پر صوبوں سے متعلق کوئی مقبول ڈیمانڈ نہیں ہے، سوائے صوبہ ہزارہ کے کہیں بھی عوام مطالبہ نہیں کر رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں میں مسلم لیگ ن کی اعلیٰ قیادت نے نئے صوبوں سے متعلق کوئی بات نہیں کی، ہماری یہ سوچ ہے کہ عام آدمی کے مسائل اس کی دہلیز پر حل ہونے چاہئیں۔

بقیہ نمبر 45

اور قومی تشخص سے متصادم طرز عمل اختیار کر رہے ہیں۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اختیار ولی خان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی والے دو قومی نظریے کو بھی نہیں مانتے اور شہدا کو بھی شہید تسلیم نہیں کرتے، سوال یہ ہے کہ یہ لوگ کون ہیں اور ان کا ایجنڈا کیا ہے؟ انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں نے جناح ہاؤس کو تباہ کیا اور ریڈیو پاکستان کو آگ لگائی۔

بقیہ نمبر 46

تک ایران اپنے جائز حقوق کے حصول کی جدوجہد جاری رکھے گا، جبکہ امریکا خطے پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے جارحیت جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 47

فوجیوں کی نقل و حرکت اور حساس فوجی مقامات سے متعلق معلومات سامنے آنے کا انکشاف کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 48

میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق آرمی چیف علاج کیلئے بیرون ملک گئے ہیں، قمر جاوید باجوہ 3 ہفتے سی ایم ایچ میں زیر علاج رہے، انہیں سر اور کمر میں چوٹ آئی تھی۔ فیملی ذرائع کا کہنا ہے کہ قمر جاوید باجوہ کی طبیعت بہتر ہے، کچھ ٹیسٹ کے نتائج آنا باقی ہیں، چیک اپ اور ڈاکٹروں کی ہدایات کے بعد قمر باجوہ واپسی کا فیصلہ کریں گے۔ قمر جاوید باجوہ کچھ دن متحدہ عرب امارات میں بیٹے کے پاس قیام کریں گے، جنرل ریٹائرڈ قمر باجوہ ساڑھے چار ماہ قبل گھر میں وضو کے دوران گر گئے تھے۔ رواں سال فروری میں پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے پاک فوج کے سابق آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ کے زیر علاج ہونے کی تصدیق کی تھی۔

بقیہ نمبر 49

پاکستان نہیں، دنیا بھر میں ہیں، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کوشش کر رہے ہیں کہ بہتر اثرات عوام تک پہنچیں، حکومت اور ٹرانسپورٹرز نے ایک دوسرے کو سنا، دونوں متفق ہیں کہ ملک کے لیے ہر قربانی کو تیار ہیں۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ ٹرانسپورٹرز کے جو مسائل حل طلب تھے وہ حل کیے، کچھ مطالبات کے لیے رسمی کارروائیاں ہیں وہ پوری کریں گے۔

بقیہ نمبر 50

کو بھی ایجنڈے میں شامل کیا گیا ہے دوسری جانب قومی اسمبلی اجلاس کا 42 نکاتی ایجنڈا جاری کر دیا گیا۔ قومی اسمبلی میں 7 قوانین منظوری کے لیے پیش ہوں گے، 4 نئے قوانین متعارف کروائے جائیں گے۔ قومی اسمبلی سے اوگرا ترمیمی بل 2026ء، وفاقی حکومت رئیل اسٹیٹ مینجمنٹ اتھارٹی کے قیام کے قوانین کی منظوری لی جائے گی، ٹریول ایجنسیز ترمیمی بل، پاکستان ٹورسٹ گائیڈز ترمیمی بل، پاکستان ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹ بل، موشن پکچر ترمیمی بل کی منظوری بھی قومی اسمبلی ایجنڈے میں شامل ہے جبکہ ای او آئی بی ترمیمی بل 2026ء، گیس انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ (سیس) ترمیمی بل، قدرتی گیس ڈویلپمنٹ سرچارجز ترمیمی بل 2026 اور محکمہ موسمیات ترمیمی بل 2026 نئے قوانین متعارف کروائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 51

اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان بھی برآمد ہوا ہے۔ اس کے علاوہ دہشتگردوں کے ٹھکانوں سے ایک موٹر سائیکل اور 2 گاڑیاں بھی ملی ہیں، اور سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو مکمل تباہ کر دیا ہے

بقیہ نمبر 52

موقع پر پہنچ گئی۔ علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے

بقیہ نمبر 53

مسائل اور شکایات سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، محکمہ مال، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ تقریباً پانچ گھنٹے تک جاری رہنے والی کھلی کچہری میں وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے بڑی تعداد میں آئے ہوئے شہریوں کی شکایات کو تفصیل سے سنا اور ان کے حل کے لئے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کیں۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے اپنے حلقہ انتخاب جہلم، سوہاوہ اور دینہ میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع کیا ہے اور اس ضمن میں جہلم، سوہاوہ اور دینہ میں ایک ایک کھلی کچہری منعقد کی جا چکی ہے۔

بقیہ نمبر 54

سے لاکھوں روپے مالیت کا سامان اور مویشی بھی اپنے ساتھ لے گئے، جبکہ واقعے کے باعث 600 سے زائد افراد نقل مکانی پر مجبور ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ندیم ماچھی اور عالیہ فاطمہ نے چند روز قبل پسند کی شادی کی تھی، جس کے بعد تنازع پیدا ہوا، پسند کی شادی کرنے والے جوڑے کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنی مرضی سے شادی کی، لیکن اس کی سزا پورے گاؤں کو دی جا رہی ہے۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ انہوں نے ایس ایس پی بدین کو 12 درخواستیں بھی دیں، تاہم کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی

اسلام آباد، چیئرمین کم ازکم اجرت بورڈعثمان اشرف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد، اجرتوں میں 10 فیصد اضافے کی متفقہ منظوری

کم ازکم اجرت بورڈ اسلام آباد کا اہم اجلاس، کارکنوں کی اجرت کا جائزہ

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) کم ازکم اجرت بورڈ اسلام آباد کا اہم اجلاس چیئرمین بورڈ عثمان اشرف کی زیرِ صدارت منعقد ہوا جس میں مالی سال 2026-27 کے لیے مزدوروں کی کم ازکم اجرت کے موجودہ نرخوں کا جائزہ لینے کے بعد تنخواہوں /اجرتوں میں 10 فیصد اضافے کی متفقہ طور پر منظوری دے دی گئی۔اجلاس میں سیکرٹری بورڈ ملک زبیر اعوان، لیبر آفیسر ملک عمر اعوان، انڈیپنڈنٹ ممبر وقار احمد قاضی، بورڈ ممبران محمد نعیم اور چوہدری محمد یاسین نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران ہنرمند (Skilled)، نیم ہنرمند (Semi-Skilled) غیر ہنرمند (Unskilled) اور جز وقتی (Part-Time) کارکنوں پر لاگو موجودہ کم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

یوم آزادی، ہمدرد مرکز میں نونہال اسمبلی کا اجلاس

ملک قربانیوں کے بعد معرض وجود میں آیا اسکی قدر لازم ہے، عبداللہ گل

راولپنڈی (پ ر) ”باشعور قوم، محفوظ وطن“ کے موضوع پر یوم آزادی کی مناسبت سے ہمدرد مرکز راولپنڈی میں نونہال اسمبلی کا ایک پروقار اور رنگا رنگ اجلاس منعقد ہوا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ہمدرد مرکز راولپنڈی میں نونہال اسمبلی اجلاس کے بعد یوم آزادی کا کیک کاٹا جا رہا ہے

پاک امریکا دوطرفہ تجارت 8 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی، نیٹلی بیکر

امریکا پاکستانی حکومت کیساتھ ملکر کام کرنے، تجارت وسرمایہ کاری کو وسعت دینے، شراکت داریاں قائم کرنے کیلئے پرعزم ہے

امریکی ناظم الامور کا لاہور کا دورہ، وزیراعلیٰ مریم نواز اور علی ڈار سے ملاقاتیں، ترقیاتی منصوبوں وعوامی پالیسیوں کی تعریف

اسلام آباد، لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں امریکی ناظم الامور نیٹلی اے بیکر نے لاہور کا دو روزہ کیا جس کے دوران تجارت، سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں پاکستان اور امریکا کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کے مواقع کو اجاگر کیا۔نیٹلی بیکر نے نجی شعبے کی شراکت داری کے ذریعے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، معاشی امکانات کو وسعت دینے اور دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ خوشحالی کو فروغ دینے میں امریکی اختراع کے کردار پر بھی زور دیا۔امریکی ناظم الامور کے مطابق گزشتہ دو دہائیوں سے زائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

الیاس خان کیلئے قومی اعزاز ”ہلال امتیاز“ باعثِ فخر ہے، سرفراز مغل

بیرونِ ملک پاکستانیوں سے متعلق حکومت کو پالیسی سازی میں بہتر رہنمائی حاصل ہوگی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان کے چیئرمین سرفراز مغل نے وزیراعظم پاکستان کے معاون خصوصی برائے سیاحت سردار یاسر الیاس کے والد محترم اور معروف کاروباری شخصیت سردار الیاس خان کو قومی سطح پر اعزاز سے نوازے جانے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار الیاس خان کی خدمات کا حکومتی سطح پر اعتراف پوری کمیونٹی کے لیے باعثِ فخر ہے ۔سرفراز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی، بھاٹہ چوک میں غیرقانونی کمرشل سرگرمیاں، تجاوزات کی بھرمار

کنٹونمنٹ بورڈ کی متعلقہ بلڈنگ برانچ اور ذمہ دار افسران کی کارکردگی پر سوالات اٹھ گئے

غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بروقت ایکشن کیوں نہیں لیا گیا ہے، کارروائی کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بھاٹہ چوک، راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں مبینہ طور پر بغیر منظور شدہ نقشوں کے تعمیر کی گئی دکانوں کا کمرشل استعمال جاری ہے، جبکہ متعدد دکانداروں نے دکانوں کے سامنے تجاوزات بھی قائم کر رکھی ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کے خلاف کارروائی نہ ہونا کنٹونمنٹ بورڈ کی متعلقہ بلڈنگ برانچ اور ذمہ دار افسران کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھاتا ہے۔شہریوں کے مطابق اگر متعلقہ حکام کو ان تعمیرات اور تجاوزات کا علم ہے تو کارروائی نہ کرنا مبینہ غفلت اور فرائض سے چشم پوشی کے مترادف ہے۔شہریوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

فوٹو جرنلسٹ الیکشن میں اپنا پینل کے تمام امیدوار بلامقابلہ منتخب

صدر سجاد حیدر سینئر نائب صدر جہانگیر چوہدری جنرل سیکرٹری سہیل شہزاد دیگر شامل

ایڈیٹر شہرنامہ نیوز راجہ جاوید اختر اور جملہ اسٹاف کی نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) راولپنڈی اسلام آباد فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں اپنا پینل نے میدان مار لیا چیئرمین الیکشن کمیشن ناصر میر ممبر عامر لودھی کے مطابق صدر سجاد حیدر سینئر نائب صدر جہانگیر چوہدری نائب صدر ایم جاوید مدثر راجہ جزل سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

یوم آزادی، مانسہرہ پریس کلب میں رنگارنگ تقریب کا انعقاد

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر مانسہرہ پریس کلب میں رنگارنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول (ص) سے کیا گیا تقریب میں معزز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ملک شیر تنولی ایوارڈ، لکھاریوں کو ایوارڈز سے نوازا گیا

بزمِ اہلِ قلم حویلیاں اور بزمِ مصنفینِ ہزارہ کی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین

ایبٹ آباد (پ ر) بزمِ اہلِ قلم حویلیاں اور بزمِ مصنفینِ ہزارہ کے زیرِ اہتمام پہلے ملک شیر محمد تنولی ایوارڈ 2026ء کی پروقار تقریب گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول نمبر 3 ایبٹ آباد میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ہزارہ بھر سے تعلق رکھنے والے 50 لکھاریوں کو ایوارڈز جبکہ 10 اہلِ قلم کو اسناد سے نوازا گیا، جبکہ 70 سے زائد مرد و خواتین نے شرکت کی۔تقریب اہلِ قلم کی علمی، ادبی اور تحقیقی خدمات کے اعتراف اور ان کی حوصلہ افزائی کے حوالے سے ایک یادگار ادبی اجتماع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

فوجی فاؤنڈیشن ایجوکیشن سسٹم گوجرخان کیمپس کے طلبہ کی شاندار کامیابی، نمایاں پوزیشنیں حاصل کیں

گوجرخان (بیورو رپورٹ) فوجی فاؤنڈیشن ایجوکیشن سسٹم گوجرخان کیمپس نے راولپنڈی تعلیمی بورڈ کے سالانہ امتحانات 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

آزادی کسی بھی قوم کیلئے عظیم نعمت اور قابلِ فخر سرمایہ، خالد سلہریا

امن اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان انسانی حقوق پارٹی پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد آفتاب سلہری کے زیرِ اہتمام یومِ آزادی پاکستان کے حوالے سے ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں سفارتخانہ اسلامی جمہوریہ ایران کی سفارتی کونسلر زہرہ شاہ بیگ، کشمیری رہنما و یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک، قومی اتحاد پارٹی کے وائس چیئرمین محمد بشیر راجا، لائنز انٹرنیشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

مریدکے، پانچ سالہ بچی سے مبینہ زیادتی، ملزم گرفتار، مقدمہ درج

مریدکے (آئی این پی) مریدکے کے علاقے ظفر پارک میں پانچ سالہ بچی سے مبینہ زیادتی کا واقعہ پیش آیا، پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

آزاد کشمیر میں حکومت سازی پونچھ اور سدھنوتی کے بغیر نامکمل، خادم طاہر

مظاہرین پر طاقت کا استعمال بند اور مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے، سربراہ رائٹرز فورم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مصطفی رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم طاہر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں حکومت سازی پونچھ اور سدھنوتی کے بغیر نامکمل ہے انتخابات سے قبل راولاکوٹ میں جاری کشیدگی کو ختم کیا جائے مظاہرین پر طاقت کا استعمال بند کیا جائے بلکہ مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے آئے روز نوجوانوں کا مارے جانے کسی المیہ سے کم نہیں دشت گردی کا ٹیگ لگا کر خون بہانا انتہا درجے کی حماقت ہے رانا ثناء جیسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

100، 1500 مالیت والے بانڈز کی قرعہ اندازی (آج) ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) 100 اور 1500 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی (آج) 17 اگست بروز پیر کو ہوگی 100 روپے والے سٹوڈنٹس بانڈ زکا پہلا انعام 7 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 2 لاکھ روپے کے تین اور تیسرے انعام میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

غزالی فاؤنڈیشن کے زیرِاہتمام ”اعترافِ کمال“ کنونشن کا انعقاد

مقصد پرنسپلز کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرنا تھا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن صوبہ پنجاب شمالی کے زیرِ اہتمام سالانہ پرنسپل کنونشن بعنوان ”اعترافِ کمال“ چوہدری فخر پیلس، مندرہ میں منعقد ہوا۔کنونشن میں صوبہ پنجاب شمالی کے مختلف اضلاع سے 120 سکولز کے پرنسپلز اور غزالی ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ذمہ داران نے شرکت کی، تقریب کے مہمانِ خصوصی صوبائی ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

شفا فاؤنڈیشن یوتھ انٹرن شپ پروگرام اختتام پذیر

نوجوان کل کی بجائے آج ہی سرگرمیوں کا آغاز کریں، ڈاکٹر عبدالوہاب

اسلام آباد (پ ر) شفا فاؤنڈیشن کے فلیگ شپ، یوتھ انٹرن شپ پروگرام ”نور آف ٹومارو“ کے تیسرے مرحلے کی چار روزہ تربیتی سرگرمیاں شفا انٹرنیشنل ہسپتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

بری امام عرس: فول پروف سکیورٹی انتظامات

ایس ایس پی آپریشنز کا دورہ، جوانوں کو موثر انداز میں فرائض انجام دینے کی ہدایت

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): بری امام عرس کے موقع پر اسلام آباد پولیس نے شہریوں اور زائرین کے جان و مال کے تحفظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ہماری کامیابی کا راز سیرت مصطفیٰؐ پر عمل پیرا ہونے میں مضمر، ہاشم حقانی

سیرت النبیؐ میں دنیاوی زندگی کے لیے ہر معاملے میں راہنمائی موجود ہے

راولپنڈی (پ ر) ہماری کامیابی کا راز سیرت مصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر عمل پیرا ہونے میں مضمر ھے.....علامہ ہاشم حقانی.....سیرت النبی میں دنیاوی زندگی کے لیے ہر معاملے میں راہنمائی موجود ہے۔ جو ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ ہماری کامیابی کا انحصار صرف اور صرف سیرت النبی پرھونا چاہیے کیونکہ بحثیت مسلم ہماری ذمہ داری ھے کہ ہم اپنے نبی کریم سے عشق کریں یہی ہماری کامیابی ھے.. آج مسلمانان عالم کی زبوں حالی کی وجہ در رسول سے دوری ھے۔(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی۔حاجی بشیر قریشی کے گھر استقبال ربیع الاول کی تقریب علامہ محمد ہاشم حقانی خطاب کررہے ہیں

مانسہرہ، ختم نبوت کانفرنس سے مولانا قاضی احسان، طیب فاروقی خطاب کررہے ہیں

متاثرین سیلاب کیلئے 200 گھر تعمیر کئے جا رہے ہیں، وزیراعلیٰ گلگت

کلائمیٹ ریزیلینس پروجیکٹ بنیادی سہولیات کی فراہمی کیساتھ معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے انتہائی اہم ثابت ہوگا، امجد ایڈووکیٹ

گلگت (آئی این پی) وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کے تعاون سے قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کیلئے 200 گھر تعمیر کئے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ امجد حسین ایڈووکیٹ کو محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی جانب سے ڈونرز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پوٹھوہار پریس کلب میں جشن آزادی کی تقریب

کیک کاٹا گیا، ملکی سلامتی، استحکام، ترقی وخوشحالی کیلئے دعا کی گئی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے زیرِ اہتمام جشن آزادی کے سلسلہ میں پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی ممبر صوبائی اسمبلی راجہ شوکت عزیز بھٹی جبکہ خصوصی مہمان نوجوان مسلم لیگی رہنما ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ اور استاد شفقت اور سیکریٹری بار سید نوشیر حیدر ایڈووکیٹ تھے تقریب کی میزبانی صدر پوٹھوہار پریس کلب شہزادہ ارباب اعجاز اور جنرل سیکرٹری راجہ محمد اقبال نے کی۔ تقریب میں صحافیوں، سیاسی وسماجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اکبر نیازی ہسپتال ہیپاٹائٹس اسکریننگ سائٹ فعال

افتتاح قومی خاتمہ ہیپاٹائٹس کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر ضیاء اللہ خان داوڑ نے کیا

ہمارے پاس علم، تشخیصی سہولیات اور مؤثر علاج موجود ہیں، یاسر خان نیازی

راولپنڈی (اے ایف بی) ڈاکٹر اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال کو حکومتِ پاکستان کے ہیپاٹائٹس اسکریننگ نیٹ ورک میں شامل کرتے ہوئے باضابطہ اسکریننگ سائٹ فعال کردی گئی ہے۔اسکریننگ سائٹ کا افتتاح وزیراعظم کے قومی پروگرام برائے خاتمہ ہیپاٹائٹس پاکستان کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر ضیاء اللہ خان داوڑ نے کیا۔یہ اقدام عالمی یومِ ہیپاٹائٹس 2026 کے موقع پر وفاقی وزیرِ صحت سید مصطفیٰ کمال کی سربراہی میں وزارت صحت کی جانب سے ڈاکٹر اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال کو وزیراعظم کے قومی پروگرام برائے خاتمہ ہیپاٹائٹس سی کا فوکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پولیس کی اسلحہ سے پاک اسلام آباد مہم: 379 ملزمان گرفتار

373 مقدمات درج، رائفلیں، کلاشنکوف، خنجر اور بھاری مقدار میں ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلحہ سے پاک اسلام آباد مہم کے تحت غیر قانونی اسلحہ رکھنے، اس کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔اسلام آباد پولیس کے ترجمان کے مطابق یکم جولائی سے 15 اگست 2026 تک جاری رہنے والی خصوصی مہم کے دوران 379 ملزمان کو گرفتار کرکے 373 مقدمات درج کیے گئے۔گرفتار ملزمان کے قبضے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

آزاد کشمیر الیکشن نتائج کو ”فارم 47 پلس“ کے نام سے یاد رکھا جائیگا، شرجیل میمن

جعلی مینڈیٹ کے ذریعے حکومت تو بنائی جا سکتی ہے، عوام میں مقبولیت اور حقیقی عوامی حمایت حاصل نہیں کی جا سکتی

نواز شریف کو پیپلز پارٹی سے شکوہ کرنے سے پہلے یہ دیکھنا چاہیے کہ آزاد کشمیر میں سیاسی حالات کس طرح پیدا ہوئے؟

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے نواز شریف اور مریم نواز کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے انتخابات کے نتائج کو تاریخ میں ”فارم 47 پلس“ کے نام سے یاد رکھا جائے گا۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے ایک بار پھر تاریخی دھاندلی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

واہ کینٹ، نئی بیکری گڈ ویل بیکری کا افتتاح

معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے عمر رؤف: شہریوں نے نئی بیکری کے آغاز کو سراہا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) واہ کینٹ اسلام آباد کے معروف بزنس مین رانا عمر رؤف اور رانا قیصر جاوید۔رانا علی حمزہ کی نئی بیکری گڈ ویل بیکری کا افتتاح ان کی والدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کراچی، فائرنگ سے شہری جاں بحق، گولیاں چلنے سے مزید 2 افراد زخمی

کراچی (آئی این پی) کراچی میں ضلع کیماڑی مچھر کالونی شیرازی چوک کے قریب نامعلوم مسلح ملزم نے فائرنگ کرکے 40 سالہ شخص کو قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت ہاشم کے نام سے ہوئی ہے۔ہیڈ محرر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

دعوت اسلامی، گوجرخان میں بھی شجرکاری مہم شروع

پودے لگانا اور ان کی حفاظت کرنا وقت کی اہم ضرورت، مقررین

گوجرخان (بیورو رپورٹ) امیر دعوت اسلامی کی ہدایت پر گوجرخان میں بھی شجرکاری مہم شروع، فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن دعوت اسلامی کے تحت نتھیا کلیال تحصیل گوجرخان کی بڑی شجرکاری مہم،تفصیلات کے مطابق گوجرخان کے نواحی علاقے نتھیا کلیال میں فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن دعوتِ اسلامی مندرہ گوجرخان کے زیرِ اہتمام بڑی شجرکاری مہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ختم نبوت کا تحفظ دین اسلام کا بنیادی جزو ہے، قاضی احسان

ہر مسلمان نئی نسل میں دینی شعور اجاگر کرنے کیلئے کردار ادا کرے، طیب فاروقی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ختم نبوت (ص) پر جان بھی قربان ہے ختم نبوت کا تحفظ دین اسلام کا بنیادی جزو ہے ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے کہ وہ عقیدۂ ختم نبوت کی حفاظت اور اس حوالے سے نئی نسل میں دینی شعور اجاگر کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے ان خیالات کا اظہار عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی مبلغ مولانا قاضی احسان احمد اور مولانا محمد طیب فاروقی نے جامع مسجد ختم نبوت داتا میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کی روشنی میں منعقد ہونے والے انٹرتحصیل ہاکی ٹورنامنٹ میں ڈسٹرکٹ ہاکی ایسوسی ایشن کے صدر ظہیر الحق انعامات تقسیم کررہے ہیں

قیوم گل سیٹلائٹ اسکوائش ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز

ٹورنامنٹ کا مقصد نوجوانوں میں اسکوائش کے کھیل کو فروغ دینا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پہلے قیوم گل (مرحوم) سیٹلائٹ اسکوائش ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز ہوگیا شالیمار کلب اسکوائش کورٹس کے زیرِ اہتمام پہلا قیوم گل (مرحوم) سیٹلائٹ اسکوائش ٹورنامنٹ 16 اگست سے 19 اگست 2026 تک راولپنڈی میں منعقد ہو رہا ہے۔یہ چار روزہ قومی ایونٹ اسکوائش کے فروغ اور مرحوم قیوم گل کی کھیل کے لیے خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے سلسلے میں منعقد کیا جا رہا ہے۔اس ٹورنامنٹ کے مین ڈرا میں ملک بھر سے 32 ٹاپ کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ایونٹ کی ٹاپ سیڈنگ درج ذیل ہے: پہلی سیڈ: سعید عبدالوہاب / سعید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

راجہ کامران سلیم واپڈہ یونین کینٹ ڈویژن کے چیرمین منتخب

جاسم کنول راہی سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات کی مبارکباد

راولپنڈی (نمائندہ۔شہرنامہ) آل پاکستان الیکٹرک واپڈہ یونین کینٹ ڈویژن کے انتخابات مزدور لیڈر راجہ کامران سلیم مسلسل دوسری مرتبہ بلا مقابلہ کینٹ ڈویژن کے چیرمین منتخب راجہ کامران سلیم کی یہ مسلسل تیسری کامیابی، پہلی مرتبہ الیکشن بھاری اکثریت سے جیت کر منتخب قرار پائے تھے راجہ کامران سلیم کو بلا مقابلہ واپڈہ یونین کینٹ ڈویژن کا چیرمین منتخب ہوئے پر ملک بھر کی سیاسی و سماجی شخصیات نے مبارک دی پاکستان مسلم لیگ ن پنجاب کے محترک رہنما جاسم کنول راہی نے راجہ کامران سلیم کے گھر جا کر مبارک باد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

ٹیکسلا میں سالہ لڑکے سے مبینہ بدفعلی، 2 ملزمان گرفتار

متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسس مکمل، ویڈیو بھی بنائی گئی، مدعی مقدمہ

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): ٹیکسلا پولیس نے 14 سالہ لڑکے سے مبینہ زیادتی کے الزام میں دو افراد کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق مدعی مقدمہ نے الزام عائد کیا کہ زیر حراست افراد نے اس کے بیٹے سے زیادتی کی اور واقعے کی ویڈیو بھی بنائی۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسس بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پسند کی شادی کرنیوالی لڑکی کی تحفظ فراہم کرنیکی درخواست

پولیس نے 23 سالہ ”م ف“ کے والد کی درخواست پر اغواء کا مقدمہ درج کیا تھا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان کی رہائشی لڑکی نے پسند شادی کرنے کے بعد تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کردی، تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان پولیس نے 23 سالہ ”م ف“ کے والد کی درخواست پر اغواء کا مقدمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)